اللہ تعالیٰ کے رحم اور فضل کے ساتھ

ماہنامہ

# قندیلِ اَدب


مدیر رانا عبدالرزاق خاں

rana_razzaq@hotmail.com

فون نمبرز۔ 02089449385 07886304637

معاون مدیر و ڈیزائنر

عامر امیر.07903126126

majeedamer20@yahoo.com

نگران ویب سائٹ، ایاز راٹھور

www.bazmesherosukhan.co.uk

اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ

قندِیل اَدب اِنٹرنیشنل لندن فروری ۲۰۱۴ء

شمارہ نمبر ۱۴

مجلس مشاورت

بشیر احمد رفیق لندن، آدم چغتائی برمنگھم، مبارک صدیقی لندن

، زکریا ورک کنیڈا، تنویر احمد آسٹریلیا، رانا مبارک احمد بحرین


☆☆☆

## وضاحت۔۔گزارش۔۔آپ کے خطوط


حمد فراز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

عبیداللہ علیم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

محسن احسان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

شہزاد احمد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

ساغر صدیقی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

امجد اسلام امجد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

امجد مرزا امجد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

اقبال ساجد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

شہریار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

بشیر بدر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

آدم چغتائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

مبارک صدیقی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

ارشاد عرشی ملک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں

راجہ غالب احمد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

فرید احمد ناصر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

انور ندیم علوی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

ابنِ کریم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

حبیب جالب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

عاصی صحرائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

مرسلہ بی اے رفیق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آنکھیں

اسحاق ساجد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

منور احمد کنڈے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

سوہن راہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سالِ نو مبارک ۲۰۱۴ء

عبدالجلیل عباد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غزل

ارشاد عرشی ملک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دعا برائے لذت وحلاوت درنماز

رانا عبدالرزاق خاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اُردو زبان کے ادوار اور فضیلت

جون ایلیا کی نظر میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عبیداللہ علیم کی شاعری

سید احمد دہلوی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا (تعزیت نامہ) حضور ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند

رانا عبدالرزاق خاں۔۔۔۔۔۔اُردو زبان کی ابتدا صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کی نظر میں

اے آر راجپوت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسلام کے زرّیں اصول

سلمان غازی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مظلوموں کے نام

عاصی صحرائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ترقی پسند تحریک مصنّفین سے وابستہ چند تخلیق کار


**وضاحت**۔قِندیلِ اَدب انٹرنیشنل کسی سیاسی سماجی مذہبی گروہ یا فرقے کا ترجمان نہیں یہ نسل یا فرقوں کے اِمتیاز سے بالاتر ہے یہ صرف اُردو اَدب کی ترقی و ترویج کے لئے جاری کیا گیا ہے اس میں شائع ہونے والے مضامین سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں قارئین کو آراء یا مضامین سے اختلاف کا حق حاصل ہے اور اس کے صفحات حاضر ہیں۔تحریر کے ساتھ اپنا مکمل ایڈریس اور فون نمبر ضرور ارسال کریں یہ آپ کا اپنا میگزین ہے۔

## گزارش

قندیلِ ادب کے قارئین کی خدمت میں گزارش ہے کہ اس ماہنامے کو ہر اعتبار سے معیاری، دیدہ زیب، منفرد، معتبر بنانے کی کوشش مسلسل شب وروز جاری ہے برائے مہربانی اس سلسلہ میں اپنی گراں قدر آراء اور مشوروں سے نوازتے رہیں۔

عالمی امن و آشتی اور علم وادب کی ترویج کے لئے مضامین بھیجتے رہیئے۔ماہنامہ قندیل ادب اشاعت کے سلسلے میں تن تنہا و افتاں وخیزاں بے یار و مددگار متعدد مالی دُشواریوں کے باوجود خدمتِ اُردو ادب میں ایک سال سے مصروفِ عمل ہے۔اور اب اسے پرنٹ میڈیا میں لانے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔اگر شائقین اس میں دلچسپی لیں تو یہ کام ذرا آسان ہو جائے گا۔جس کے لئے پانچ صد خریداران کا رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔برطانیہ کے لئے قندیل ادب کا ماہانہ چندہ ایک پونڈ اگر کوئی ایک سال کی فیس ایڈوانس جمع کروائے تو اس کی فیس بارہ برطانوی پونڈ ہونگے۔اس رجسٹریشن کے لئے آپ کو مندرجہ ذیل اکاؤنٹ میں رقم ارسال کرنی ہوگی۔ ABDULRAZZAQ KHAN BANK NAME HSBC

A/C 04726979--SORT CODE 40-05-00

دیگر ممالک کا سالانہ چندہ ڈاک خرچ کے علاوہ ہوگا۔ورنہ ای میل کر دیا جایا کرے گا اور ویب سائٹ پر بھی مہیا ہوگا۔امید دوست احباب ادارہ قندیلِ ادب سے تعاون فرمائیں گے۔آپ کی محبت، تعاون کا بندہ منتظر رہے گا۔نیز اپنی آراء اور مضامین ضرور بھیجتے رہیئے۔یہ آپ کا اپنا میگزین ہے۔اس کی ترقی میں آپ کا تعاون درکار ہے۔خدا تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔آمین۔



# مجھے کیا؟

دنیا نہ کرے پیار، کرے پیار، مجھے کیا؟
جب تم نہ رہے یار، مرے یار، مجھے کیا؟
اے تیر نظر آزما اس دل کی فراخی
اب تُو رہے اس پار یا اُس پار مجھے کیا؟
میں زندگی سے کھیل کے نکلا ہوں، پر ہٹ!
اے موت! مجھے چھوڑ، مجھے مار، مجھے کیا؟
وہ جس نے کبھی اپنے قبیلے کو نہ پوچھا
اب آ گیا سردار سرِدار مجھے کیا؟
خود مجھ کو محبت کے عقیدے پہ لگا کر
اب رو رہے ہیں مجھ کو مرے یار مجھے کیا؟
انعام میں جب وہ نہیں تو کھیل کیا کھیلیں؟
اے دل! ہو تیری جیت، تری ہار، مجھے کیا؟

عامر امیر

## آپ کے خطوط

ساجد رانا لندن سے رقم طراز ہیں۔قندیل ادب جنوری ۲۰۱۴ بہت خوب صورت اور دیدہ زیب ہے۔کیا خوب آپ کی سلیکشن ہے۔پڑھ کر دل خوش ہوگیا۔خدا تعالیٰ آپ کی کاوشوں میں مزید برکت دے۔دیارِ مغرب میں کیا ہی خوبصورت قندیلِ ادب آپ نے روشن کی ہے۔

## احمد فراز

گرفتہ دل عندلیب گھائل گلاب دیکھے
محبتوں نے سبھی رُتوں میں عذاب دیکھے
وہ دن بھی آئے صلیب گر بھی صلیب پر ہوں
یہ شہر اک روز پھر سے یومِ حساب دیکھے
یہ صبحِ کاذب تو رات سے بھی طویل تر ہے
کہ جیسے صدیاں گزر گئیں آفتاب دیکھے
وہ چشمِ محروم کتنی محروم ہے کہ جس نے
نہ خواب دیکھے نہ رَت جگوں کے عذاب دیکھے
کہاں کی آنکھیں کہ اب تو چہروں پہ آبلے ہیں
اور آبلوں سے بھلا کوئی کیسے خواب دیکھے
عجب نہیں ہے جو خوشبوؤں سے ہے شہر خالی
کہ میں نے دہلیز قاتلاں پر گلاب دیکھے
یہ ساعتِ دید اور وحشت بڑھا گئی ہے
کہ جیسے کوئی جنوں زدہ ماہتاب دیکھے
مجھے تو مکتبی کے دن یاد آگئے ہیں
کہ میں اسے پڑھ رہا ہوں اور وہ کتاب دیکھے

## عبیداللہ علیم

خواب ہی خواب کب تلک دیکھوں
کاش تجھ کو بھی اک جھلک دیکھوں
چاندنی کا سماں تھااور ہم تم
اب ستارے پلک پلک دیکھوں
جانے تو کس کا ہم سفر ہوگا
میں تجھے اپنی جاں تلک دیکھوں
بند کیوں ذات میں رہوں اپنی
موج بن جاؤں اور چھلک دیکھوں
صبح میں دیر ہے تو پھر اک بار
شب کے رُخسار سے ڈھلک کر دیکھوں
اُن کے قدموں تلے فلک اور میں
صرف پہنائی فلک دیکھوں

## محسن احسان

صُوفیِ شہر مرے حق میں دعا کیا کرتا
خود تھا محتاجِ عطا مجھ کو عطا کیا کرتا
اپنی آواز کے سناٹے سے ہول آتا تھا
میں بیابانِ تمنّا سے صدا کیا کرتا
سانس لیتے ہوئے سینے میں جلن ہوتی ہے
میں ترے شہر کی شاداب فضا کیا کرتا
مُحتسب جُرم مرا دیکھ کے خاموش رہا
خود خطا کا تھا، احکامِ سزا کیا کرتا
اس فضا میں تو فرشتوں کے بھی پر جلتے ہیں
میں یہاں جُرأتِ پرواز بھلا کیا کرتا
میں لُٹا کر بھی متاعِ دل و دیدہ خوش ہوں
تجھ سے رہبر گلۂ مہرووفا کیا کرتا
رفعتِ دار بھی چھو لی تیری خاطر میں نے
منکرِ عہدِ وفا! اور بتا کیا کرتا
تم نے چھین لی مجھ سے مری گویائی بھی
میں تو اک کاغذِ آتش زدہ تھا ، کیا کرتا
اب نہ وہ کشت ہی باقی ہے نہ وہ حاصلِ کشت
اور اس دل کا زیاں سیلِ بلا کیا کرتا
خود فرموشی کے صحراؤں میں گُم تھا محسنؔ
کوئی اس بے خبرِ جاں سے گلہ کیا کرتا

## شہزاد احمد

نہ سہی کچھ مگر اتنا تو کیا کرتے تھے
وہ مجھے دیکھ کے پہچان لیا کرتے تھے
آخرِ کار ہُوئے تیری رضا کے پابند
ہم کہ ہر بات پہ اصرار کیا کرتے تھے
خاک ہیں اب تری گلیوں کے عزت والے
جو ترے شہر کا پانی نہ پیا کرتے تھے
اب تو انسان کی عظمت بھی کوئی چیز نہیں

لوگ پتھر کو خدا مان لیا کرتے تھے
دوستو! اب مجھے گردن زدنی کہتے ہو
تم وہی ہو کہ مرے زخم سیا کرتے تھے
ظلم کرتے ہو مگر اُف نہیں کرنے دیتے
تم سے اچھے کہ وہ تڑپے تو دیا کرتے تھے
ہم جو دستک کبھی دیتے تھے صبا کی مانند
آپ دروازہء دل کھول دیا کرتے تھے
اب تو شہزاد ستاروں پہ لگی ہیں نظریں
کبھی ہم لوگ بھی مٹی سے جیا کرتے تھے

## ساغر صدیقی

ہے دُعا مگر حرفِ دُعا یاد نہیں
میرے نغمات کو اندازِ نوا یاد نہیں
ہم نے جن کی راہوں میں بچھایا تھا لہو
ہم سے کہتے ہیں وہی عہدِ وفا یاد نہیں
زندگی جبرِ مسلسل کی طرح کاٹی ہے
جانے کس جُرم کی پائی ہے سزا یاد نہیں
میں نے پلکوں سے دریا پر دستک دی ہے
میں وہ سائل ہوں جسیکوئی صدا یاد نہیں
کیسے بھر آئیں سرِ شام کسی کی آنکھیں
کیسے تھرائی ستاروں کی ضیا یاد نہیں
صرف دُھندلائے ستاروں کی چمک دیکھی ہے
کب ہوا کون ہوا مجھ سے خفا یاد نہیں
آؤ اِک سجدہ کریں عالمِ مدہوشی میں
لوگ کہتے ہیں ساغر کو خدا یاد نہیں

## امجد اسلام امجد

دامِ خوشبو میں گرفتار صبا ہے کب سے
لفظ اظہار کی اُلجھن میں پڑا ہے کب سے
اے کڑی چُپ کے درو بام سجانے والے
منتظر کوئی سرِ کوہِ ندا ہے کب سے
کُور چشموں کے لئے آئینہ خانہ ، معلوم!
ورنہ ہر ذرّہ ترا عکس نما ہے کب سے
دیکھیئے ،خون کی برسات کہاں ہوتی ہے
شہر پر چھائی ہوئی سُرخ گھٹا ہے کب سے
دوستو! اب مجھے گردن زدنی کہتے ہو
چاند بھی میری طرح حُسن شناسا نکلا
تم وہی ہو کہ مرے زخم سیا کرتے تھے
اس کی دیوار پہ حیران کھڑا ہے کب سے
ظلم کرتے ہو مگر اُف نہیں کرنے دیتے
بات کرتا ہوں تو لفظوں سے مہک آتی ہے
تم سے اچھے کہ وہ تڑپے تو دیا کرتے تھے
کوئی انفاس کے پردے میں چھپا ہے کب سے
ہم جو دستک کبھی دیتے تھے صبا کی مانند
شعبدہ بازیء آئینہء احساس نہ پوچھ
آپ دروازہء دل کھول دیا کرتے تھے
حیرتِ چشم وہی شوخ قبا ہے کب سے
اب تو شہزاد ستاروں پہ لگی ہیں نظریں
کھوج میں کس کی بھرا شہر لگا ہے امجدؔ
کبھی ہم لوگ بھی مٹی سے جیا کرتے تھے
ڈھونڈتی کس کو سرِ دشت ،ہوا ہے کب سے

## امجد مرزا امجدؔ

میرا تو عشق موجبِ رسوائی ہو گیا
میں آج خود ہی اپنا تماشائی ہو گیا
اُبھری جو تیری شکل تو یہ دلِ کا آئینہ
ٹوٹا کچھ اس طرح تیری انگڑائی ہو گیا
دیکھا تجھے عزیز رکھا اور کھو دیا
ٹھہرا جو وقت درد کی شہنائی ہو گیا
تو آیا میں نہ تھا ، میں گیا تُو نہیں ملا
ایسے میں کون تھا کہ جو ہرجائی ہو گیا
تُو اِک گلی کے موڑ پہ گم ہو گیا تھا کل
امجدؔ تو اس گلی کا ہی سودائی ہو گیا

## اقبال ساجد

غار سے سنگ ہٹایا تو وہ خالی نکلا
کسی قیدی کا نہ کردار مثالی نکلا
چڑھتے سورج نے ہر ہاتھ میں کشکول دیا
صبح ہوتے ہی ہر اک گھر سے سوالی نکلا
سب کی شکلوں میں تری شکل نظر آئی مجھے
قرعہء فال مرے نام پہ گالی نکلا
راس آئے مجھے مُرجھائے ہوئے زرد گلاب
غم کا پَرتو مرے چہرے کی بحالی نکلا
کٹ گیا جسم مگر سائے تو محفوظ رہے
میرا شیرازہ بکھر کر بھی مثالی نکلا
رات جب گزری تو پھر صبح حنا رنگ ہوئی

آسماں جاگی ہوئی آنکھ کی لالی نکلا
رات مجھ سے بھی تو ہر گھر کے دروبام سجے
چاند کی طرح مرا عکس خیالی نکلا
تخت خالی ہی رہا دل کا ہمیشہ ساجدؔ
اس ریاست کا تو کوئی بھی نہ والی نکلا

## شہریار

جستجو جس کی تھی اُس کو تو نہ پایا ہم نے
اس بہانے مگر دیکھ لی دنیا ہم نے
سب کا احوال وہی ہے جو ہمارا ہے آج
یہ الگ بات کہ شکوہ کیا تنہا ہم نے
خود پشیمان ہوئے، نے اُسے شرمندہ کیا
عشق کی وضع کو کیا خوب نبھایا ہم نے
عمر بھر سچ ہی کہا، سچ کے سوا کچھ نہ کہا
اجر کیا اس کا ملے گا، یہ نہ سوچا ہم نے
کون سا قہر یہ آنکھوں پہ ہوا ہے نازل
ایک مُدت سے کوئی خواب نہ دیکھا ہم نے

## بشیر بدر

نہ جی بھر کے دیکھا نہ کچھ بات کی
بڑی آرزو تھی ملاقات کی
شبِ ہجر تک کو یہ تشویش ہے
مسافر نے جانے کہاں رات کی
مقدر مری چشمِ پُر آب کا
برستی ہوئی رات برسات کا
اُجالوں کی پریاں نہانے لگیں
ندی گنگنائی خیالات کی
میں چُپ تھا ہوا رُک گئی
زباں سب سمجھتے ہیں جذبات کی
کئی سال سے کچھ خبر ہی نہیں
کہاں دن گزارا کہاں رات کی

## آدم چغتائی

اُجالے بھر دیئے تو نے گلِ تر کی قباؤں میں
صبا کی مستیاں بھولے نہیں پتے خزاؤں میں
دھنک کی اوڑھنی لے کے چلے بادل فضاؤں میں
انہیں دیکھا تو مچلے رند یارو خوش اداؤں میں
ہوا گلزار جاناں سے چرا لائی ہے رنگینی
اُجالے بن نکلتے ہیں اندھیرے بھی خلاؤں میں
مجھے درکار کیوں ہو احتشام و دولت و دنیا
خدا رکھے مرے دل کو محبت کی ہواؤں میں
محبت نے ہمیں رسوائیوں سے دور ہی رکھا
وگرنہ سو ہی جاتے ہم تری زلفوں کی چھاؤں میں
حیا کی شوخیوں نے حسن کو بخشی ضیا لیکن
ہزاروں دھڑکنیں تو نے جگا دیں پارساؤں میں
یہ تیری ہی کریمی نے بھرا جامِ سخن ورنہ
کہاں آتا خمارِ لفظ و معنی التجاؤں میں
وہ جس کے فیض سے پھوٹے ہیں آدمؔ نور کے چشمے
اُسی کی رحمتوں کے تو سمندر ہیں گھٹاؤں میں

## مبارک صدیقی

آؤ اُس سے ملیں آؤ اُس سے ملیں
جس کو ملنے سے رُوح جگمگانے لگے
دل دھڑکنے لگے گنگنانے لگے
چشمِ ویراں پھر جھلملانے لگے
اپنے ہاتھوں سے خوشبو سی آنے لگے
آؤ اُس سے ملیں آؤ اُس سے ملیں
جس کے لہجے میں لذّت ہے ایمان کی
جس کی باتوں میں خوشبو ہے آذان کی
جس کا ہر پل ثناء رب رحمان کی
جس کا ہر بول تفسیر قرآن کی
آؤ اُس سے ملیں آؤ اُس سے ملیں
جو کہے بس جیو تو خدا کے لئے
ہر عمل ہو خدا کی رضا کے لئے
سید الانبیا مصطفےٰ ﷺ کے لئے
وقف ہو جائیں سارے دعا کے لئے
آؤ اُس سے ملیں آؤ اُس سے ملیں
جس کا دستِ دعا اک اعجاز ہے

اب زمیں پہ جو خدا کی آواز ہے
جس کا دھیما سا اپنا ہی انداز ہے
جسکو ملنا سعادت ہے اعزاز ہے
آؤ اُس سے ملیں آؤ اُس سے ملیں

جس کی نسبت سے ہم معتبر ہو گئے
ہم سے پتھر بھی لعل وگہر ہو گئے
بے ہنر،باسخن باہنر ہوگئے
کتنے اُجڑے ہوئے با ثمر ہو گئے
آؤ اُس سے ملیں آؤ اُس سے ملیں

گو کہ عاشق ہزاروں کھڑے ہیں ادھر
چشمِ تر ہم بھی جائیں گے اُس راہگزر
ہم خطا کار ہیں جانتے ہیں مگر
اُس کی پڑ جائے ہم پہ بھی شائد نظر
آؤ اُس سے ملیں آؤ اُس سے ملیں

## ارشاد عرشی ملک۔۔تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں

یہ درد جو دل کو چیر گیا تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں
میں عبد ترا تو میرا خدا تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں
اک تو ہی محرم راز مرا، ہمدرد مرا دم ساز مرا
بندوں سے مجھے آتی ہے حیا تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں
کچھ دن جو قُرب میں گزرے ہیں وہ دن ہی مرا سرمایہ ہیں
ہر دن میں تھا اک لطف نیا تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں
میں تُجھ سے باتیں کرتی ہوں ہنستی ہوں کبھی رو دیتی ہوں
کیا تونے مرا حال کیا تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں
اب دنیا داری کی باتیں سنتے ہی نہیں ہیں کان مرے
آہٹ پہ تری یہ دل اَٹکا تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں
میں چلتے پھرتے سوتے جاگتے تجھ سے باتیں کرتی ہوں
تو کہتا ہے جا سر نہ کھا تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں
جس روز نہ تجھ سے مل پاؤں دل اُکھڑا اُکھڑا رہتا ہے
وہ دن ہے گویا یومِ سزا تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں
ہر آن مرے ہمراہ بھی تُو پر پیارے بے پرواہ بھی تُو
کھونے کا تجھے دھڑکا ہے لگا تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں
دنیا میں تُو نے بھیج دیا ہم آ بھی گئے اور رہ بھی لئے
اس میلے میں پر دل نہ لگا تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں
اشعار کا فن لفظوں کا ہُنر خود تو نے مجھ کو بخشا ہے
اب کہتا ہے مت شعر سُنا تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں
کم ظرف ہے پیہم فضلوں سے کچھ شوخی میں آجاتی ہے
عرشی کو زیادہ منہ نہ لگا تجھ سے نہ کہوں تو کس سے کہوں

## راجہ غالب احمد

کچھ دن ہم بھی اُداس رہے پھر صبح وہی پھر شام وہی
چکر پھر اُسی پیمانے کا،پھر گردش میں ہے جام وہی
دوست وہی،دشمن بھی وہی،شکوے بھی وہی الزام وہی
اپنی دعائیں بھی ہیں وہی اور ہیں اُن کے دُشنام وہی
میرے باغ ِغم و آلام میں ایک سا موسم رہتا ہے
زرد گلاب سے دن بھی وہی ہیں،راتیں بھی گلفام وہی
" میرے رب مظلوم ہوں میں اب ظلم و ستم کو پیس بھی ڈال"
نصرت تیری کب آئے گی ہو اس کا انجام وہی

## فرید احمد ناصر

تیرے جمال کا قصہ مرے خیال میں تھا
سو لمحہ جو بھی تھا گزرا ترے وصال میں تھا
مرا سوال تو آگے تھا اعتدال سے بھی
ترا جواب مگر حدِ اعتدال میں تھا
ہر اک لفظ میں پنہاں تھے معجزے تیرے
نہ جانے تیرا قلم کس کے استعمال میں تھا
ترے حروف تھے جادو،کمال تیرا کلام
یہی کمال تو پنہاں ترے جمال میں تھا

## انور ندیم علوی

قرآں کو دیں گے عزت، جو دل سے اور جاں سے
بے شک ملے گی عزّت اُن کو بھی آسماں سے
ہے اُس کی ایسی لذّت،پائے گا اِک سکینت
پی لے کبھی جو تشنہ اس چشمہ رواں سے
اکمل بھی آخری بھی،عرفان کا سمندر
ہر حرف ہے صداقت،دیکھے گا تو جہاں سے

## ابنِ کریم

صحرا میں پھول کھلائیں گے
انہونی کر دکھلائیں گے
جو جادو سب نے چھوڑ دیا
ہم منزل تک لے جا ئیں گے

ہم میٹھے بول ہی بولیں گے
تلخی کی بات مٹائیں گے
جہاں سایہ فگن ملائک ہوں
اُسے شہرِ دل میں بسائیں گے
یہ نور بھی تو آفاقی ہے
خوشخبری سب ہی پائیں گے
ہم نام خِد اور نامِ نبی
سب دنیا تک لے جائیں گے
ایہ جنگ، جدل کا دور نہیں
ہر قوم کو یہ سمجھائیں گے
ہم صلح کُل اور چاہ پسند
ہم پیار کے دیپ جلائیں گےء
ہر دُشمن خائب و خاسر ہو
ہر صورت دیں پھیلائیں گے
یہ کھیتی خون سے پھلتی ہے
ہم اس کو خون پلائیں گے
نہ سیف کی حاجت ہوتی ہے
ہم قلم سے کام چلائیں گے

## حبیب جالب

اس دور کے رسم رواجوں سے، ان تختوں سے ان تاجوں سے
جو ظلم کی کوکھ سے جنتے ہیں،انسانی خون سے پلتے ہیں
جو نفرت کی بنیادیں ہیں،اور خونی کھیت کی کھادیں ہیں
میں باغی ہوں میں باغی ہوں،جو چاہے مجھ پر ظلم کرو
،مذہب کے جو بیوپاری ہیں،وہ سب سے بڑی بیماری ہیں
وہ جن کے سوا سب کافر ہیں،جو دین کا حرف آخر ہیں
ان جھوٹے اور مکاروں سے،مذہب کے ٹھیکیداروں سے
میں باغی ہوں میں باغی ہوں،جو چاہے مجھ پر ظلم کرو
میرے ہاتھ میں حق کا جھنڈا ہے،میرے سر پہ ظلم کا پھندا ہے
میں مرنے سے کب ڈرتا ہوں،میں موت کی خار زندہ ہوں
میرے خون کا سورج چمکے گا،تو بچہ بچہ بولے گا، میں باغی ہوں میں باغی ہوں،
جو چاہے مجھ پر ظلم کرو

## عاصی صحرائی

میں نے سوچا تھا کہ سب چاند ستارے ہونگے
ایک پرچم کے تلے سارے کے سارے ہونگے
جتنے مارے ہیں مسلمان مسلمانوں نے
ساری دنیا نے تو مل کر بھی نہ مارے ہونگے
یہ نہ معلوم تھا کہ مسلم کو کہے گا مسلم کافر
اتنا ظلم ،اسلحہ بھی ہمارا اور لاشے بھی ہمارے ہونگے
اس قدر اسلام آباد کا بول و بالا ہوگا
مظلوم بھی میری قوم اور ظالم بھی ہمارے ہونگے
اس قدر بگڑ جائے کی اُمتِ مسلمہ نعوذباللہ
دہشت گرد،زانی،چور، سبھی بے ایمان ہمارے ہونگے
کہا ہے مرے آقا نے سور اور بندر ان کو
جو بے عمل، فتویٰ باز،دینی سکالرز ہمارے ہونگے
لسان و نسل کی اس قدر لگادی ہے آگ اس مُلا نے
مسجد و منبر،علماء سوء کیارادوں سے بٹوارے ہونگے
مولوی اس قدر ہو جائے گا شاطرو چالاک
سب کرپٹ، ڈاکو، جعلی ، مداح اس کے سارے ہونگے
بے ریش بھی رکھیں گے باطنی داڑھی
مسجد و منبر سے غلط سب اشارے ہونگے
متعہ کے بہانے ہوگا عام زنا و شربِ عناب
لگے گاسب کچھ ٹھیک مگر حمام میں ننگے سارے ہونگے

## آنکھیں۔۔۔۔مرسلہ بی اے رفیق

گلاب آنکھیں،شراب آنکھیں،یہی تو ہیں لاجواب آنکھیں،
انہی میں اُلفت، انہی میں نفرت،ثواب آنکھیں،عذاب آنکھیں،
کبھی نظر میں بلا کی شوخی،کبھی سراپا حجاب آنکھیں،
کبھی چھپاتی ہیں راز دل کے، کبھی ہیں دل کی کتاب آنکھیں،
کسی نے دیکھیں تو جھیل جیسی،کس نے پائیں سراب آنکھیں،
وہ آئے تولوگ مجھ سے بولے،حضور آنکھیں،جناب آنکھیں،
عجیب تھا گفتگو کا عالم،سوال کوئی،جواب آنکھیں،
یہ مست مست بے مثال آنکھیں،مصوری کا کمال آنکھیں،
شراب رب نے حرام کردی،مگر کیوں رکھیں حلال آنکھیں،
ہزاروں ان پہ قتل ہوئے ہیں،خدا کے بندے سنبھال آنکھیں

## اسحاق ساجد

ایک منزل ہے راستے کتنے
جانے پہنچیں گے راستے کتنے
بڑھ گیا اس کا شوق خود بینی
ہوں گے اب پتھر آئینے کتنے
اُس نے ڈالی ہے ایک اُچٹتی نظر
جُڑ گئے اب سلسلے کتنے
ہو چکی ہے زمینِ دل بھی شق
اور آئیں گے زلزلے کتنے
پوچھتے ہیں یہ خار راہوں کے
چاہئیں اور آبلے کتنے

کس سے پوچھیں شہر میں ساجدؔ
روز ہوتے ہیں حادثے کتنے

## منور احمد کنڈے

ہر ایک نقش کو انوار کے حوالے کر
پھر اپنی آنکھ کو دیوار کے حوالے کر
نہیں ہے مالِ غنیمت کا مستحق کوئی
جو کچھ ملا ہے وہ سردار کے حوالے کر
دبکتی دُھوپ نے فرمان کر دیا جاری
اب اپنے سائے کو دیوار کے حوالے کر
ملی ہے جس کی محبت نہ رکھ اُسے محروم
جو یار کا ہے اُسے یار کے حوالے کر
ادائے حُسن پہ گُل کی نثار کر خوشبو
کمالِ رنگ کو رُخسار کے حوالے کر
بتا رہا ہے زمانہ تجھے تری قیمت
دلوں کا مال اب بازار کے حوالے کر
برائیوں سے منوّر بچائے رکھ دامن
ہوس کو درہم و دینار کے حوالے کر

## سوہن راہی۔۔۔۔سالِ نو مبارک ۲۰۱۴ء

(یہ نظم دوہوں میں ترتیب پائی ہے)

تھر تھراتی شمعیں تاروں کی اُداسی
گھُپ اندھیرے دل کے دامن
روشنی کی پیاس آنکھوں کے دریچے
ہوچکا یہ سب مرے احساس کے ننھے گھروندے میں
دل کے آنگن میں یہ کس کس کی دعا
رنگ اور خوشبو اُڑائے
کن کی آشائیں ہراول بیل بن کر
سوچ کے ایوان پر بل کھا رہی ہیں
کن دُعاؤں کے کبھی قرضے،تمناؤں کے تحفے،
میرے آنگن میں سمٹ کر،چاند تاروں کے اُجالے بن رہے ہیں
یہ محبت اور دعا کا قرضکس طرح مجھ سے اُتارا جائے گا
گھنیرے دُکھ کے سائے جل رہے ہیں
کنول چاہوں کے روشن ہو رہے ہیں
میرے سانسوں میں آشا بہہ رہی ہے
پرانا سال اپنا ہمسفر گدا ہونے کو ہے
اور الوداعی جام مانگے
سحر ہونے سے پہلے ایک رنگین جام مانگے
چلے آؤ نئی اک روشنی بھردیں اندھیروں میں
مبارک باد کی مشعل جلادیں بزم ہستی میں
نگاہوں کی خموشی میں بھریں گیتوں کی رنگولی
نئی اُمید کا سورج اُچھالیں بزمِ ہستی میں

## عبدالجلیل عباد

زنداں کی دیواروں میں نہیں در کوئی، کُھلتا
ہم جائیں کہاں ہم کو تو کوئی رستہ نہیں ملت
ایک عمر ہوئی سوچ کے انگاروں پہ چلتے
اب آگ سے بھی دل یہ نہیں بہلتا
سوچا تھا کہ اشکوں سے ہرا کردیں گے صحرا
پر آنسو بھی اب آنکھ سے مشکل سے نکلتا
یوں کچلا مرے خواب کا گلشن یہ کسی نے
اب پھول کوئی شاخِ تمنا پہ نہ کِھلتا
کل تک جو محبت کا طلب گار تھا ہمدم
اب وہ بھی درِ یار پہ اکثر نہیں ملتا

## ارشاد عرشی ملک۔۔۔دعا برائے لذت وحلاوت درنماز

اے خدا اندھا و ناکارہ و بد ذوق ہوں
تیری اُلفت کی حلاوت سے نہیں ہوں آشنا
ہاں مگر سنتا ہوں میں جب بھی ندا
تو تھکے قدموں سے آتا ہوں ترے دربار میں
بے دلی سے سر جھکاتا ہوں ترے دربار میں
دل میں رہتا ہے خیالوں کا ہجوم
گھیر لیتی ہے مجھے بادِ سموم
بے حضوری سی ہے کیوں تیرے حضور
کیوں نہیں ملتا مجھے لُطف و سرور
عادتاً یہ فرض کرتا ہوں ادا
لذتِ گریہ سے ہوں نا آشنا
اے خدا میری سعی پر کر نظر
کر ہرا بے رنگ کوشش کا شجر

ہو عطا اس پیڑ کو کوئی ثمر
دل پہ اک شعلہ گرادے نور کا
دیکھ لوں منظر میں کوہِ طور کا
راکھ ہوں یہ عرشی سفلی لذتیں
قرب کی مجھ کو عطا ہوں برکتیں
واسطہ ہے مصطفیٰ ﷺ کے نام کا
تھام لے اب ہاتھ مجھ ناکام کا

## اُردو زبان کے ادوار اور فضیلت

رانا عبدالرزاق خاں لندن

جب ہم علم لسانیات پر نظر ڈالتے ہیں تو یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ ہمیشہ دو یا دو سے زیادہ زبانوں کے میل جول سے ایک نئی زبان وجود میں آتی ہے۔ اور اختلاط کا یہ سلسلہ صدیوں تک پھیلا ہوا ہوتا ہے۔ یہی نظریہ اس دور کی عالمگیر زبان اور لینگوئج افرانکا میں ثابت ہوتا ہے۔ کہاں سے یہ زبان چلی اور کہاں آ کر ٹھہری۔ یہ زمانے کی ضرورت بھی تھی ۔۔اور ایک عالمی حیثیت اختیار کر گئی۔ ہماری قومی زبان اردو نے بھی موجودہ دور تک پہنچتے پہنچتے بہت سے ادوار دیکھے۔ ایک خاص خطے میں بولی جانے والی یہ زبان جو اپنے ساتھ کئی زبانوں کو اپنے اندر سموئے ہوئے سفر پر نکلی ۔اردو زبان اس دور کی اہم زبانوں میں سے ایک ہے۔ یہ اپنے اندر فارسی عربی اور ہندی کو سموئے ہوئے ہے۔ کہتے ہیں کہ ہندوستان میں آریہ قوم ۱۵۰۰ سوق م پہلے آ کر آباد ہوئی۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ قوم پھیلتی چلے گئی۔ اور اس کی زبان میں بھی فرق آتا گیا۔ اور آخر ان کو ایک ایسی زبان کی ضرورت آن پڑی جو منظم اور ٹکسالی حیثیت رکھتی ہو۔ لہذا اس ضرورت کے لئے سنسکرت وجود میں آئی۔ وقت کے ساتھ ساتھ اس زبان کو بھی عروج ملا۔ اور مگر ساتھ ہی اسے دو اہم نقصان بھی اُٹھانے پڑے۔ الف۔ اس زمانہ میں اتنی ادبیت آ گئی کہ عوام نے اسے استعمال کرنا ترک کر دیا۔ اس طرح یہ ایک خاص طبقہ تک محدود ہو کر رہ گئی۔ ب۔ یہ کہ گوتم بدھ اور مہابیر سوامی والوں نے بھی اس زبان کی بجائے مقامی زبانوں میں مذہب کی ترویج و اشاعت کی۔ نتیجتاً عوام میں ان کی مقبولیت زیادہ ہو گئی۔ اب تو سنسکرت ایک خاص طبقہ تک محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ عوام نے ہمیشہ ایک مخلوط زبان رکھی۔ جو تھوڑے فرق کے ساتھ مختلف خطوں میں مقامی زبانوں کے طور پر رائج ہو گئیں۔ اور برابر چلتی رہیں۔ جن کو پراکرت کے نام سے تاریخ میں جانا جاتا ہے۔ ان پراکرتوں میں سے ایک ادبی شکل پالی تھی۔ جس کا ذکر اشوک کی لاٹوں میں یا پھر بدھ یا جین مت والوں کی مذہبی کتابوں میں نظر آتا ہے ۔مذہب اور انسان کا رشتہ ہمیشہ سے ہی بڑا قریب کا رہا ہے۔ مذہب نے زبانوں کی ترویج میں بہت کردار ادا کیا ہے۔ علماء صوفیاء اور واعظین نے ہر زبان میں نئے الفاظ کا اضافہ اور اس کا استعمال اس طرح کیا کہ آخر وہ زبان کا ہی حصہ بن کر رہ گئے۔ انگریزی زبان کی بھی تاریخ میں بھی یہ بات نمایاں ہے کہ عیسائی مبلغین نے اس کی اشاعت اور ترویج کے لئے بہت کام کیا۔ اس زبان کے بولنے والوں پر سخت سے سخت حالات آئے مگر انہوں نے اسے زندہ رکھا۔ دوسری زبانوں کے الفاظ کا ذخیرہ اس میں شامل ہوا۔ اردو زبان نے بھی یہ تدریجی دور خوب دیکھا۔ جن پراکرتوں ذکر اوپر آیا ہے ان کے متعلق یہ بھی یاد رہے۔ بعض ایسی پراکرتیں جو سنسکرت کی طرح ادبی حیثیت اختیار کر جاتیں۔ عوام انکو متروک کر کے پھر آپس میں ملی جلی زبان کو ایک خاص انداز سے پیش کر کے ایک نئی زبان اختیار کر لیتے۔ جس میں وہ اپنا مفہوم آسانی سے ادا کر سکتے تھے۔ اس میں سے ایک ذکر اپ بھرنش کا ہے۔ اہل زبان نے اسے حقارت سے دیکھا اور اسی لئے اس زبان کو بھرنش کا نام دیا گیا یعنی بگڑی ہوئی زبان۔ اب بھرنش کے وجود کے بعد راجپوتوں کے سیاسی اقتدار کے زیر اثر گجرات، راجپوتانہ، اور دوآبہ کی بولیاں جب اس سے مل جل گئیں تو اس کو اتنا فروغ ملا کہ ۵۰۰ء سے ۱۰۰۰ء تک دوآبہ کی شورسینی اپ بھرنش تمام شمالی ہندوستان کی ادبی زبان بن گئی۔ جو موجودہ اُردو یا کھڑی بولی کا سبب بنی۔ پھر مغربی ہندی جو دہلی، میرٹھ اور اس کے گردونواح کی اب بھرنش کا نتیجہ تھی ۔، کا وجود ہوا جو مسلمانوں کی آمد سے پہلے پنجاب میں رائج تھی ۷۱۲ء میں محمد بن قاسم کے ساتھ مسلمانوں کے ہندوستان میں آنے سے عربی و فارسی کے الفاظ ہندوستانی زبانوں میں تیزی سے بڑھتے گئے۔ امیر خسرو اور خواجہ سعد سلمان (وفات ۱۱۲۵ء) کی شاعری اس بات پر گواہی دیتی ہے۔ قطب الدین ایبک نے جب دہلی کو دارالسلطنت بنایا تو یہاں لاہوری کی بجائے دہلوی زبان تھی۔ جو کئی زبانوں سے متاثر ہو کر اپنی ایک انفرادیت مسلمانوں سے قبل راجپوتی عہد میں قائم کر چکی تھی۔ یہی وہ زبان تھی جس کی بنیاد پر اردو کا وجود قائم ہوا۔ جو زیادہ تر اپ بھرنش کا اثر لئے ہوئے تھی۔ پنجاب سے مسلمان فارسی آمیز پنجابی بولتے ہوئے دہلی آئے مگر یہاں برج بھاشا کی نسبت کھڑی بولی اور ہریانی صوتیات اور صرف ونحو کو پنجابی سے ملتا جلتا پایا اور جلد اس کو سیکھ گئے۔ شاہ جہان کے دور میں آگرہ والوں کا اثر ہونے کی وجہ سے لب ولہجہ میں فرق آ گیا۔ اور بدّل، لٹّا، گڈی کی بجائے بادل، لوٹا، اور گاڑی کہنے لگے۔ فوجیوں نے بھی زبان دانی میں بڑا حصہ ڈالا۔ فوج میں اس وقت کڑی بولی کا اثر زیادہ رہا۔ کیونکہ وہ انبالہ، کرنال، حصار، اور دہلی کے جنوب سے بھرتی ہوتے تھے۔ جہاں وہ جاتے تھے۔ یہ زبان لے جاتے۔ دہلی کی مرکزیت سارے ہندوستان پر چھا رہی تھی۔ اس لئے لوگ اس کی زبان کو بھی اہمیت دینے لگے اور جلد سیکھتے تھے۔ ان تمام ادوار سے گزرتی ہوئی یہ کھڑی بولی جو اردو زبان کی بنیاد بنی، ترقی کرتی رہی اور بابر کے ہندوستان آنے پر یہ ایک زبان کی صورت اختیار کر چکی تھی۔ یہ زبان بابر اور ہمایوں کے دور میں آگے بڑھی۔ مگر اکبر کے دور میں اس کی ترقی کو نقصان ہوا۔ کیونکہ بعض وجوہ کی بنا پر اسکو آگرہ کو

آگے رکھنا پڑا۔ مگر نے جب شاہ جہان نے آگرہ چھوڑا تو دہلی آباد کیا تو دہلوی زبان کو عروج ملا تب یہ شاہجہانی اردو بن گئی۔ اورنگزیب کے زمانے میں اسے سب سے زیادہ اہمیت ملی۔ اور اس کا نام اردوئے شاہی ہونے لگا۔ اب مسلمان شعراء مثلاً عبدالرحیم خان خاناں نے برج بھاشا کو ترک کر کے اسی اردوئے شاہی کو اپنانا شروع کر دیا۔ یوں شمالی ہند میں اردو کا بیج بویا گیا۔ اور جب محمد تغلق نے دیوگیرنی شہر کو اپنا دارالسلطنت بنایا اور ہر شخص کو دہلی سے دکن جا کر آباد ہونے کا حکم دیا تو مال واسباب کے ساتھ یہ زبان بھی وہاں ساتھ گئی۔ دکنی لوگوں نے اسے اس قدر پسند کیا کہ جلد ہی قبول کر لیا۔ اور یوں دکنی اردو کا باب کھل گیا۔ اس زبان میں تحریریں بھی ملنے لگیں۔ ہر خاص و عام ولی وصوفی نے اس زبان سے کام لینا شروع کر دیا اور خدا نے بھی اسے اپنے فضل سے یوں بخشا کہ اب اس کا ڈنکا تمام جہانوں میں گونجنے لگا ہے۔ اور اہل اردو ببانگِ دہل یہ کہنے کے مجاز ہیں کہ

؎ سارے جہاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے (ماخوذ)

## جون ایلیا عبیداللہ علیم کے ہم عصر بھی تھے اور ہم عمر بھی۔ وہ عبیداللہ علیم کی شاعری سے متعلق فرماتے ہیں۔

عبیداللہ علیم ایک سکہ بند شاعر تھے۔ شاعری میں عبیداللہ علیم کا وُرود ایک فتنے کا ظہور تھا اس کی ذات ایک ماجرا خیز اور پیکار طلب ذات ہے مگر میں اس کی شاعری کا سرچشمہ ہیجانِ ذات ہے جیسے کائنات کا سرچشمہ ہیجانِ وجود ہے۔ ہیجانِ ذات اپنے اندر سمٹنے کا نہیں پھیلنے کا انداز ہے۔ میرا جی چاہتا ہے کہ ہیجانِ ذات کے لئے تخلیق اصل ایک اور لفظ ماجرا ناک لفظ یعنی عشق استعمال کروں۔ مگر ہیجانِ ذات سے جو شاعری صورت پذیر ہوئی ہے وہ ہیجانی نہیں ہے۔ ہیجان دراصل اس کی شاعری کے وجود کی قوت ہے صورت اور معنویت نہیں۔ اس کی شاعری صورت میں رنگ ہے اور معنی میں تلاشِ رنگ۔ یہ تلاشِ رنگ وصال میں فراق اور فراق میں وصال کا سفر ہے وہ شاعری نہیں بلکہ شاعر کے اندر کا وہ شاعر بھی ہے جسے شعور کی سب سے بدنام اور سرگرم سچائی کا استعارہ کہا جائے۔ اس کی شاعری شاعری کے علاوہ وہ الوہی شیطنت بھی ہے۔ جو بطونِ ذات سے ماوراء کی طرف ہجوم کرتی ہے اور ایک نئے خیال اور ایک نئے جمال کو اپنی گرفت میں لے کر بطونِ ذات کی طرف پلٹ آتی ہے۔ اس نے ایک نکتہ دریافت کیا ہے وہ یہ ہے کہ ادب دعویٰ کرتا ہے۔ دلائل پیش نہیں کرتا کہ ادب تخلیق ہے اور تخلیق خدا۔ اور اسرائیلیوں کے خداوند (یاوہ) نے اپنے لئے جو کہا ہے کہ ''وہ جو ہے سو وہ ہے'' علیم نے بھی اپنے لئے کہا ہے ''جیسا بھی ہوں میں اپنی صورت پر ہوں علیم'' جیسا بھی ہوں علیم اس سے کہیں بڑی ایک جواب دہی چاہتا ہے۔ انبوہ میں جان لیوا تنہائی ہے۔ یہ ماورائے ذات کو اپنے طور میں اپنے نفس میں خلق کرنا ہے۔ اس کا عشق غیر ذات کو نفس ذات کو دیکھنے کی زخم خوردہ اُمنگ ہے۔ اور اس کی شاعری اس اُمنگ کا سرخ رنگ اور آہنگ ہے۔ یوں جو شے یا تجربہ نفس کی سطح پر ذاتی نہیں ہے وہ تخلیق کے مرحلے میں غیر یا موجود کی حیثیت رکھتی ہے۔ اور غیر ذاتی کو ذاتی بنانے کی امنگ شعراء کے ہاں اس آہنگ کو صورت بخشتی ہے۔ جسے حرف کہتے ہیں۔ پر یہ آہنگ شاعر کے نفس سے ایک خاص بود و باش چاہتا ہے یہ بود و باش دکھوں کے موسم ہیں۔ اس کے لئے موسموں کے لئے دکھوں کی فصلیں کاٹنی پڑتی ہیں یہ سلیقہ عبیداللہ علیم نے سیکھ لیا ہے۔ اسے دیکھ کر عرفی کا خیال آتا ہے عرفی کی شخصیت کو ہمیشہ مسحوریت کے ساتھ دیکھا گیا ہے اور صورت زخم سے ابا سننے کا سلیقہ سیکھنا پڑتا ہے۔ اُسے جوانی میں ہی زہر دے دیا گیا تھا۔ عبیداللہ علیم اُردو کا وہ عرفی ہے کہ زہر کھا کر بھی زندہ ہے ویسا ہی طرح دار، ویسا ہی طناد، ویسا ہی شفق نام، اور ویسا ہی انا پرست۔ وہ محض ایک شاعر ہی نہیں وہ ایک اسلوب بھی ہے۔ لفظ اس کی وہ معنوت ہے جو ایک قرض دار سے سود خواہ قرض دار کی ہوتی ہے وہ الفاظ کا سود خوار ہے وہ لفظ سے ایک کے دو وصول کرتا ہے میرے خیال میں شاعری ایک ایسا معاملہ ہے کہ لفظ سے وہ سب کچھ وصول کرتا ہے جس سے اس کی جیب خالی ہو جاتی ہے۔ شعر اس کے ہاں ہنر نہیں ہے کہ ہنر ذات کے مساوی نہیں ہوتا۔ بلکہ شعر وہ چیز ہے جسے یونانیوں نے فضیلت سے تعبیر کیا ہے۔ اس فضیلت نے نغمگی کا لباس پہنا ہوا ہے۔ نغمگی جو اس کے اشعار کی سب سے بڑی شناخت ہے۔ عبیداللہ علیم کی تمام غزلوں میں گائے جانے کی جو بے پناہ صلاحیت پائی جاتی ہے وہ اس کے ہم عصر شعراء کی غزلوں میں نہیں پائی جاتی۔ اس کا یہ شعر تھا کہ جمال کی انفرادیت پسند روح کا نغمہ ہے جو ذات اور کائنات میں آواز کا رشتہ قائم کرتا ہے۔ میں نے ہیجان ذات کے لئے ایک خاص سیاق کے کلام میں ابھی عشق کا لفظ استعمال کیا تھا۔ عبیداللہ علیم اپنی بنیاد اور نہاد میں عشق غیر مشروط اور غیر مدلل عشق کا آدمی ہے۔ اس کے نزدیک عشق اپنی دلیل آپ ہے اس نے مجھے تعلیم دی کہ عشق اختیار کرو اسے سیکھو غرض عبید اللہ علیم میرا معلم عشق بھی تھا۔

## تاریخ سکھاتی ہے صرف اُن کو جو سیکھنا چاہیں.....فراز حمید خاں

ہلاکو خان نے بغداد پر حملہ کیا اس سے پہلی رات بھی فرقہ پرست مسلمان مناظروں اور مباحثوں میں مصروف تھے۔ اور ایک دوسرے کو کافر کہنے میں مصرف تھے۔ صبح جب منگول بغداد میں داخل ہوئے تو انہوں نے نہ شیعہ دیکھا نہ سُنی، نہ اہل حدیث، نہ حنفی نہ مالکی۔ ان کو جو بھی مسلمان ملا اسے بلاتفریق اور بے دریغ قتل کر دیا۔

## ابلیس.....اعزاز لطیف خان

خدانخواستہ کل شام تم تمام پاکستانی یہ الزام بھی میرے سر تھونپ دو کہ ہم تو بس شیطان کے بہلاوے میں آ گئے تھے۔ حالانکہ یہ سب کچھ تم اپنی مرضی سے کرو گے۔ لیکن ہوگا میری مرضی کے عین مطابق، مگر خبردار کسی کو بتانا مت، بس تم نامعلوم ہو اور نامعلوم ہی کو ووٹ دینا کیونکہ کل جب تم مجھ سے جو کام بھی لو گے میں بھی نامعلوم ہی لوگوں سے تمہارے یہ کام کروا کر دونگا۔ اور سب کچھ ہماری مرضی سے ہی ہوگا۔ ہاں مگر یاد رکھنا

نامعلوم کو کبھی معلوم مت ہونے دینا ورنہ کوئی بھی نامعلوم تمہارا کام تمام کردے گا، اور رہا میرا مسئلہ تو تم میرے اپنے ہو، کوئی غیر تو ہو نہیں، تم مجھ پر ایمان لائے ہو تو میرا فرض ہے کہ تمہارے آخری دم تک تمہارا ساتھ دوں اور تم تو جانتے ہو کہ ہنستے بستے شہروں میں بم، دھماکے، آگ کے شعلے، روتی آنکھیں، بلکتے بچے اور سسکتی مائیں، بہنیں اور بیٹیوں سے مجھے سکون ملتا ہے، ہر روز سڑکوں پر شور مچاتی فائر بریگیڈ گاڑیوں اور ایمبولینسوں کی چیخ وپکار کتنی بھلی موسیقی پیدا کرتے ہیں سوچ لو کل زیادہ دور نہیں۔ فقط تمہارا اپنا ابلیس۔

## ایک ہندو کی سوچ (لمحہ فکریہ).....بلال افتخار

میں بھی سود کھاتا ہوں ۔۔۔۔تو سود اور سور بھی کھاتا ہے
میں مندر جاتا ہوں۔۔۔۔۔۔ تو مزاروں پر جاتا ہے
میں پرشاد کھاتا ہوں ۔تو لنگر کھاتا ہے
میں ناریل چڑھاتا ہوں ۔۔۔۔۔تو چادریں چڑھاتا ہے
میں آشیرواد لیتا ہوں ۔۔۔۔۔تو مرادیں مانگتا ہے
میں بھی سجدہ کرتا ہوں ۔۔۔۔۔تو بھی سجدہ کرتا ہے
میں ہاتھ جوڑتا ہوں ۔۔۔۔۔۔تو ماتھا ٹیکتا ہے
میں بگڑی کا طالب ہوں ۔۔۔۔۔۔۔تو بھی اولاد و مال مانگتا ہے
میں گھنٹی بجاتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔تو قوالی گاتا ہے
تو پھر تیرے اور میرے بھگوان دو کیوں ہیں؟
تیرے نبی ﷺ تو مسجد جا کر خدا سے مانگتے تھے تو مزار پر جا کر کیوں مانگتا ہے۔؟
تیرے نبیؐ تو اللہ کے سامنے جھکتے تھے تو کیوں مزاروں پر جا کر سجدے کرتا ہے؟ اتنا بتا دے اے نام نہاد مسلم میں اگر کافر ہوں تو تُو کیا ہے؟ اگر میں مشرک ہوں تو تو بھی مشرک ہے۔تم میں کیا اچھائی ہے جو مجھ میں نہیں

## بیویاں.....عاصی صحرائی

بیویاں آتی ہیں ہیر کی طرح
میٹھی ہوتی ہیں کھیر کی طرح
لگتی ہیں تصویر کی طرح
مشورہ دیتی ہیں وزیر کی طرح
پھرتی ہیں سفیر کی طرح
نمکین ہوتی ہیں پنیر کی طرح
اور نظر رکھتی ہیں شیر کی طرح
دیکھتی ہیں شمشیر کی طرح
ہاتھ سے جاتی ہیں کشمیر کی طرح
ٹوٹتی ہے شہتیر کی طرح

## چند ماہ بعد

برتاؤ کرتی ہیں بے نظیر کی طرح
چبھتی ہیں تیر کی طرح
کردیتی ہیں فقیر کی طرح

## گلاب اور کانٹا

"یہ ٹھیک ہے کہ تم گلاب نہیں بن سکتے مگر اس کا یہ مطلب تو نہیں کہ تم ایک کانٹا بن جاؤ۔ ایک راز کی بات ہے کہ جو کانٹا نہیں بننا چاہتا وہ ایک دن گلاب ہی بن جاتا ہے۔

جدید محاورے۔۱۔ جہاں واپڈا وہاں اندھیرا۔۲۔ چوری کر تجوری میں ڈال۔۳۔ بیوی کے آگے میاں کی نہیں چلتی۔۴۔ دو سیاستدانوں میں کرسی حرام۔ چور سپاہی راضی تو کیا کرے گا قاضی۔ طنز و مزاح

استاد شاگرد سے: بتاؤ دنیا میں مسلمانوں کی تعداد کتنی ہے؟۔

شاگرد: جناب حسابی نظر سے تو دنیا میں ڈیڑھ ارب مسلمان ہیں لیکن فرقی نظر سے دنیا میں ایک بھی مسلمان نہیں۔ اُستاد: یہ فرقی نظر کیا ہوتی ہے؟۔ شاگرد: جناب ہر فرقے کے پاس ایک خاص قسم کی عینک ہوتی ہے جسے لگاتے ہی اپنے سوا سب مسلمان دائرہ اسلام سے باہر نظر آنا شروع ہو جاتے ہیں اس نظر کو فرقی نظر کہتے ہیں۔

نئی جنریشن کا حال۔ رات انٹرنیٹ نہیں چل رہا تھا۔ تو میں اپنے گھر والوں کے پاس جا کر بیٹھ گیا۔.....اچھے لوگ ہیں وہ بھی!۔

ڈاکٹر اپریشن کے بعد، اور طالبات امتحان کے بعد ایک ہی بات بولتے ہیں۔ "کچھ نہیں کر سکتے بس دعا کریں"

ایک چھوٹی سی بچی دوکاندار سے بولی۔ "جب میں بڑی ہونگی تو مجھ ساتھ شادی کرو گے؟ دوکاندار ہنس کر بولا "ہاں کرلوں گا، بچی بولی۔ تو کیا آج اپنی ہونے والی بیوی کو ایک چاکلیٹ بھی نہیں دے سکتے۔؟"۔

سید احمد دہلوی، مؤلف ہندوستانی ڈکشنری معروف بہ فرہنگ آصفیہ دہلی مرسلہ: زکریا ورک ٹورنٹو کینیڈا

## وفات حسرت آیات حضور ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند (تعزیت نامہ)

## Address of Condolence H.M.

## The Queen

## Empress of India,2nd Feb. 1901

---

ہماری ملکہ معظّمہ ہائے، ہماری قیصرہ ہائے، ہماری سلطانہ ہائے

ہائے ہماری مادر مہربان قیصرہ ہند ملکہ انگلستان آپ کہاں تھیں آپ کہاں سو گئیں۔ ایک

ہندوستان اور انگلستان کیا کہ تمام جہان کو ہمیشہ کیلئے ماتم کدہ بنا گئیں۔ سچ ہے:

کیا اعتبار دہر کا عبرت کا جا ہے یہ: عشرت سرا کبھی کبھی ماتم سرا ہے یہ

اگر ہم لوگ وبائے طاعون میں گھر کر بے خانماں کبھی بے پدر، کبھی بے درماں ہوتے تو آپ ہمارے لئے کلیجہ پکڑے دل مسوسے پھرتی تھیں۔ اور جو ہمارے اوپر بلائے قحط نازل ہوتی تو آپ اس خیال سے کہ بھوکوں کی سار بھوکا ہی جانتا ہے کھانا چھوڑ دیتی تھیں۔ دار جیلنگ میں زلزلہ آیا آپ کا دل دردمند انگلستان میں تھا ہمدردی کیلئے تار باندھ دیا کہ روتوں بلکتوں کو دین دنیا کا سہارا مل گیا۔ اگر شمالی سرحد پر لڑائی ہوتی یا ٹرانسوال پر یا چین پر چڑھائی ہوتی اور احیاناً وہاں ذرا سی آپ کی جانثار سپاہ کی انگلی کٹتی تو یہاں بیکل ہو کر آپ کا دل کٹتا۔ یتیموں سے مل کر آپ روتیں۔ کیونکہ خود بھی چھوٹی سی عمر میں یتیم بلکہ دریتیم ہوگئی تھیں۔

بیواؤں کیساتھ آپ سر جوڑتیں، کس لئے کہ عالم شباب میں خود بھی بیوہ ہو چکی تھیں۔ ادھر امیروں کی پناہ یافت ہزاری باپ بنی ہوئی تھیں تو ادھر غریبوں کی دردمند پسنہاری ماں سے کم نہ تھیں۔ بیوارثوں کی وارث تھیں۔ مفلسوں کی ضرورتوں کا ذخیرہ، گو آپ کا بڑا مرتبہ اور اعلیٰ پایہ کا تھا مگر رعایا پر یکساں اور برابر ایک ابر رحمت کا سایہ تھا۔ محروسہ ریاستوں اور مقبوضہ ممالک کے دلوں پر آپ کا قبضہ تھا۔ مسکینوں کو جاڑے میں جڑاول، محتاجوں کو گرمی میں مندرس آپ کے توشہ خانہ سے ملتی تھی۔ اپنی دستکاری ہی سے آپ ان لوگوں کی مدد فرماتی تھیں جنہیں کچھ میسر نہ ہوتا تھا۔ بھوکوں کی بھوک پیاسوں کی پیاس، آپ کی زیارت سے بھرتی اور بجھتی تھی۔ یہ آپ ہی کے اخلاق حسنہ کا سکہ تھا جس نے ہندوستانیوں کے دلوں کو موم بنا کر ان کے منہ پر شکوہ و شکایت کی روشن مہر لگا دی تھی۔ آپ جس طرح رحمدلی اور خداترسی کی پوٹ تھیں اسی طرح سخاوت اور عدالت بھی آپ میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ باوجودیکہ آپ کے اور ہمارے مذہب میں کوسوں کا بل تھا مگر نہیں سب نے آپ کے اور آپ سب مذہبوں کی حامی و مددگار تھیں۔ ہر فرقہ آپ کو اپنا سرتاج، اور آپ کے راج کو دیوی دیوتا کا راج سمجھتا تھا۔ مسلمانوں کے واسطے آپ زبیدہ خاتون اور ہندوؤں کیلئے امن و امان کی قابل پرستش دیوی تھیں۔ اب ایسی رانی مہارانی کہاں جو من مانی مرادیں بر لائے۔ رعیت کے ہر ایک دکھ میں دوڑ کر شریک ہو جائے۔ خدا تعالیٰ نے علوم ادبیہ کا آپ کو معمول بنایا اور یہاں تک سدھایا تھا کہ جس وقت آپ تخت سلطنت پر جلوہ افروز ہوئیں اور آپ کے چھوٹ چچا جان نے دوزانو جھک کر حسب دستور شاہی آداب بجالایا اور عام رعیت کی طرح فرمانبرداری کا سر جھکایا تو آپ کا ایسا دل بھر آیا کہ آپ اسی وقت زار و قطار رو پڑیں۔ اور بیتابانہ فرمایا کہ اچھے چچا میرے آگے اسطرح کیوں جھکتے ہو؟ میں تو تمہاری گودیوں کی کھلائی ہوئی وکٹوریہ بھتیجی ہوں۔ علوم ادبیہ پر ہی کیا موقوف ہے جرمنی، فرانسیسی، لاطینی اور اب اخیر وقت میں ہندوستانی زبان آپ کی مادری زبان بن گئی تھی۔ ستر برس کی عمر میں اس طرف توجہ فرمائی اور گیارہ برس تک ہندوستانی رؤوسا واردان انگلستان سے بات چیت کرنے میں ان کی عزت افزائی فرماتی رہیں۔

۲۴ مئی ۱۸۱۹ء کی وہ شبھ گھڑی سب کو یاد ہوگی جس میں جنم لینے کے شادیانوں کی دھوم مچ رہی تھی۔ شاہی محلوں میں بدھائیوں اور مبارکبادیوں کی گہما گہمی ہو رہی تھی۔ ۱۸۴۰ء کی دوطرفہ امنگ اور رچاؤ سے بھری ہوئی ساعت کو بھی کوئی بھولا نہ ہوگا جبکہ آپ خراماں خراماں شاداں و فرحاں بھولی بھولی دلہن بن کر گرجا میں گئی ہوں گی۔ ساتھ ہی وہ زمانہ بھی یاد آ گیا جس وقت کہ آپ نے ۱۸۶۱ء میں رنڈسالہ پہنا تھا جس کا غم اخیر دم تی ہمدم رہا۔ ۱۸۷۷ء کے قیصری خطاب کی عالمگیر خوشی بھی ابھی تک دلوں سے دور نہ ہوئی ہو گی۔ رپہلی سنہری ڈائمنڈ جوبلی بھی دلوں سے محو نہ ہوئی ہوگی کہ دفعتہً ۱۹، ۲۰، اور ۱۲ جنوری ۱۹۰۱ء کو وہ چمکتا ہوا چودھویں رات کا چاند ماند پڑا۔ اور ۲۲ کو سب سے بلند آسمان پر چڑھ گیا۔ آج ۲ فروری کو اس کے ہمیشہ کے واسطے غروب ہو جانے کا دن ہے جس کے سبب تمام ہندوستان اور انگلستان وغیرہ میں اندھیرا چھا رہا ہے۔ ماتم کی گھٹا، غم کا بادل چاروں طرف امنڈ امنڈ کر چلا آتا ہے اور ادھر سے ادھر تک آنسوؤں کی جھڑی لگا تا چلا جاتا ہے۔

اے آپ کی سیرت وصورت کے بھوکو، آؤ اس ماہ کامل کے اخیر دیدار کو دیکھ لو۔ پھر یہ موہنی مورت کہاں۔ اب اسکی بجائے تمہارا دل داغ جدائی کی منزل ہوگا۔ اگر تم پاتال میں جا کر بھی ڈھونڈو گے تو اس ڈوبے ہوئے چاند کا پتا نہ پاؤ گے۔ اسی طرح روتے پیٹتے سر پر خاک ڈال کر چلے آؤ گے۔ اے وکٹوریا کو گودیوں میں کھلانے والو اے اسکی آغوش محبت میں پلنے والو آج تم کس دل سے نرم نرم اور گرم بستر سے اٹھا کر ٹھنڈی ٹھنڈی زمین اور خاکستر میں سلاتے ہو؟ کیا تمہارا دل ایسے رحمدل کے واسطے نہیں کڑھتا۔ ہائے کیا کرو مجبور ہو معذور ہو بقول شخصے: کیا اس ترے بیمار کو امید شفا ہو۔ جس کو کہ اثر ہو نہ دعا کا نہ دوا کا۔ افسوس صد افسوس واہ اس صورت کدے میں دیکھتے ہی دیکھتے صورتیں کیا کیا نظر سے اپنی پنہاں ہوگئیں۔ ہائے آج انگلستانی زمینداروں کے جھونپڑوں میں جا جا کر خبر گیری کرنے والا ان کے گھر کا اجالا چاند کہاں چھپ گیا۔ غریب مریضوں کو تشفی دے دیکر اچھا کرنے والا مسیحا کدھر چلا گیا۔ دیہاتیوں کے چھوٹے چھوٹے بچوں کو کھلونے لا دینے اور ان کا مان رکھنے والا باپ کہاں جا سویا۔ اپنے ہاتھوں کا بنایا ہوا کام محتاجوں پر جاں نثار کر دینے والا حاتم صفت سخی کس نیند سو رہا ہے کہ جاگنے کا نام ہی نہیں لیتا۔ جس کی مدح سرائی میں ۶۳ برس سے زبان مقال لال تھی۔ اس کا مرثیہ کیوں نہ باعث ملال واضمحال ہو۔ وہ امور خانہ داری کی ملکہ، وہ ذاتی صفات شعاری کی قیصرہ۔ وہ خوش معاملگی کی دیوی۔ وہ دیا اور دھرم کی رانی، وہ عصمت وعفت کی شہزادی وہ صبر وتحمل کی دل دادہ۔ وہ نیک نیت نیک طینت، صاحب اقبال صاحب کمال۔ خداوند کنت خدواندجاہ۔ عزیزے برایا شفیق سپاہ۔ سیتا ستی پتی برتا سلطانہ۔ وہ وفاداری کی جان ہائے آج کیوں بے نام ونشان ہوتی ہے۔ جس کی حکومت کا سورج کبھی نہیں چھپتا۔ آج وہ ہماری نظروں سے چھپی جاتی ہے۔ نہیں نہیں وہ اپنے خاوند حقیقی

کی دلہن بن کر سدھارتی اور ہم سب کو اپنی محبت میں تڑپتا ہوا چھوڑے جاتی ہے۔ ماں کا گزرنا جو کچھ مصیبت لاتا ہے اسے کون نہیں جانتا کہ کیا کیا دکھ دکھاتا اور کیسا کیسا ستاتا ہے۔ ہائے ہماری مادر مہربان ملکہ انگلستان آپ آج ایسی سکھ نیند سوئی ہیں کہ اپنے پیارے دلارے بچوں کے جگانے سے بھی نہیں اٹھتیں مشہور تو یہ ہے: جہاں میں جن کو حکومت ہے ان کو نیند کہاں: کہ لگنے دیتی نہیں فکر و بندوبست کی آنکھ۔ مگر آپ کی وہ فکر وہ ہمدردی وہ دردمندی و دلسوزی کہاں ہے کہ ہم بلکتے ہیں اور آپ پرواہ نہیں کرتیں۔ دیکھو تو آپ کے لاڈلے ایڈورڈ آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو بہا رہے ہیں اور کھڑی پچھاڑیں کھا رہے ہیں۔ سنو تو آپ کے سب بیٹے بیٹیاں پوتے پوتیاں نواسے نواسیاں کنواسے کنواسیاں کن حسرت بھری نگاہوں سے مایوسانہ و مجبورانہ آپ کے چہرہ مبارک تو تک رہی ہیں۔ آج ہماری مامتا اور ہمارا خیال کہاں گیا۔ اچھی کیا محبت کا بالکل وصال ہو گیا۔ ادھر آپ خاموش ہیں ادھر ہم سب سکتے کے عالم میں مدہوش۔ تن کی خبر ہے نہ بدن کا ہوش۔ جو سر ہے وبال دوش ہو رہا ہے۔ جو نظارہ ہے ہوش کھو رہا ہے۔ ایک طرف آپکا انڈین سکیرٹری زار نزار ہاتھ باندھے کھڑا ہے۔ دوسری طرف اس کی پاکدامن بیوی آٹھ آٹھ آنسو رو رہی ہے۔ مگر آپ ایک کی بھی نہیں سنتیں۔ ادھر یہ آپ کے ہندوستانی دونوں خدمتگار حکم سلطانی کا انتظار کر رہے ہیں۔

ادھر آپ کا یہ مرثیہ نگار جس کے ایڈریس اور تصنیف کی رسید میں آپ نے زبان فیض بیان سے یہ قابل فخر فقرے لکھوائے تھے کہ: ما بدولت تمہارے ایڈریس، تمہاری کتابوں، تمہاری اطاعت قلبی، اور اظہار وفاداری کی قدر فرماتی ہیں۔ دھاروں رو رہا ہے اور اسی عالم میں یہ چند سطریں اور تاریخ وفات لکھ کر دل کا بخار نکال رہا ہے۔ رہے جہاں میں نہ باقی سفید ایک ورق: جو میرا قصہ غم ہو کتاب میں داخل۔ المتمس ماتم زدہ و پریشاں سید احمد دہلوی مؤلف ہندوستانی ڈکشنری معروف بہ فرہنگ آصفیہ وغیرہ، از دہلی حویلی مظفر خاں، ۲۰ فروری ۱۹۰۱ء شنبہ یوم دفن حضور قیصرہ۔

()()()()()

## اُردو زبان کی ابتدا صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کی نظر میں

رانا عبدالرزاق خاں

آج تک اُردو زبان کی ابتدا کے متعلق بہت سے نظریئے قائم کئے جا چکے ہیں سب سے پرانا اور مشہور ترین خیال اُردو کی ولادت کے متعلق وہ ہے جو محمد حسین آزاد نے اپنی تصنیف ''آبِ حیات'' میں پیش کیا ہے۔ کہ یہ زبان برج بھاشا سے نکلی ہے۔ جو دہلی اور دوآبہ کے گردونواح کی زبان تھی۔ اور اس میں سب سے پہلے لکھنے والے امیر خسروؒ تھے۔ جن کی کتاب ''خالق باری'' اُردو فارسی لغت ہے۔ یہ خیال دراصل یورپ کے بعض فاضلوں مثلاً گارسان، داتاسی اور ڈاکٹر سپرنگر کا پیدا کیا ہوا ہے اور اس میں مولانا صہبائی اور دوسرے اُردو کے ابتدائی تذکرہ نگار بھی شامل ہیں۔ لیکن جوں جوں اس زبان کے بارہ میں تحقیقات کا سلسلہ بڑھتا گیا اس خیال کو بھی تبدیلیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ جن سے نہ صرف اس زبان کے مقام میں تبدیلی آ گئی بلکہ عہد اور زمانے میں شبہات پیدا ہونے لگے۔۔ اس سے پہلے عام یہی خیال تھا کہ اردو اپنی متکلم شکل میں سلاطین مغلیہ کے لشکروں میں پیدا ہوئی۔ اور وہیں پرورش پا کر ادھر اُدھر پھیل گئی۔ انہی سرپرستیوں اور ادب نوازیوں کی بدولت دلّی اُردو زبان کا مرکز بنی اور قلعہ معلّیٰ کی پاکیزہ اور شستہ زبان اُردوئے معلّیٰ کہلائی۔ اسی خیال کے ساتھ ساتھ دکّن کا نظریہ موجود تھا۔ اور اہلِ دکن اس بات کے دعوے دار تھے کہ اُردو کا مولد و منشاء سرزمینِ دکن ہے۔ یہ خیال اس حد تک تو ضرور صحیح تھا کہ اُردو کی سب سے پہلی تصنیف دکن میں ہی سے ہوئی۔ لیکن اس امر سے کس کو انکار ہو سکتا ہے کہ زبان کے لئے تفصیلی صلاحیت پیدا کرنے سے پہلے اس کا موجود ہونا ضروری ہے۔ اور یہ امر ابھی تک پایہ تحقیق کو نہیں پہنچا تھا۔ دکنی نظریئے کے متعلق زیادہ بحث و تمحیص کی ضرورت نہ تھی۔ کیونکہ بعض تاریخی واقعات اور خارجی و اندرونی شہادتیں اس کے خلاف موجود تھیں۔ لیکن ان تاریخی شواہد کی چھان بین پورے طور پر نہیں ہوئی تھی۔ اور اُردو زبان کے ابتدائی نمونے ابھی پردہ اخفاء میں تھے۔ مزید برآں اس نظریہ کے علمبردار خود اس بات کا اعتراف بھی کرتے تھے۔ گو یہ اعتراف دبی زبان میں تھا۔ شمس اللہ قادری نے ''اُردوئے قدیم'' میں دکنی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ زبان شمال سے حملہ آوروں کے ساتھ دکن میں آئی پھر ایک اور جگہ تفصیل سے چھپے چھپے یوں کہا کہ:۔ ''مصنفین نے عدم واقفیت کے باعث اُردو کی اس سرگذشت کو بالکل نظر انداز کر دیا ہے جو دکن سے تعلق رکھتی ہے۔ اور اس کی وجہ سے اُن کی تصریحات نہایت ناقص اور متضاد ہو گئیں ہیں۔ تاریخ اُردو کا یہ تاریک حصہ جو کئی سالوں تک پھیلا ہوا ہے۔ اگر روشنی میں لایا جائے اور اس کی زبان پر اُردو زبان کی عہد بعہد ترقیات مطالعہ کی جائیں۔ اور اس کے بعد اس کی تاریخ کو سلسلہ وار ترتیب دیا جائے تو اس صورت میں ماننا پڑے گا کہ آلِ سبکتگین کے زمانے میں اُردو زبان کی ابتدا ہوئی۔'' بعد میں آنے والوں نے تو کھلے طور پر تسلیم کر لیا کہ اُردو کی داغ بیل سب سے پہلے شمالی ہندوستان میں پڑی دکن میں اُردو کا مصنف کہتا ہے ''گلستانِ ہند کے شمال چمن میں مغربی دروازے کے باغبانوں نے آ کر اُردو کا بیج بویا۔ گنگا جمنا نے آبیاری کر کے چھوٹے سے پودے کو اُگایا اسی کے قریب گلزار دکن میں انہی ہاتھوں نے اس بیج کو زمین میں ڈالا''۔ ''اُردو شہ پارے'' کا مولف مسعود سعد سلیمان کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے۔ ''مسعود نے تین دیوان مرتب کئے تھے ان میں سے ایک ہندی میں تھا۔ امیر خسرو نے نے اپنے دیوان غرۃ الکمال کے دیباچہ میں مسعود کے دیوان کے متعلق یہی لکھا ہے۔ مسعود لاہور کا باشندہ تھا جس وقت مسلمانوں نے دہلی فتح کی وہ بقید حیات تھا۔ اسی طرح اس نے جو کچھ بھی لکھا ہو گا وہ یقیناً اسی زبان کا تھا۔ جو پنجاب میں بولی جاتی تھی۔ اور وہ زبان بہت ممکن ہے کہ اُردو کی بالکل ابتدائی صورت ہو''۔ ''اُردو شہ پارے کے مولف ڈاکٹر سید محمد محی الدین قادری کا یہ بیان فی الحقیقت

حافظ محمود شیرانی کی کتاب ''پنجاب میں اُردو'' کے ردِّ عمل کو ظاہر کرتا ہے۔ ورنہ اس سے پہلے اُردو کی ابتدا کا مسئلہ ہمیشہ بحث طلب رہا۔ دلی لکھنؤ، پنجاب و دکن ہمیشہ اس بارے میں اُلجھتے رہے۔ یہاں تک کہ حافظ محمود شیرانی کی کتاب ''پنجاب میں اُردو'' شائع ہوئی ۔اور اسنے بڑی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ تمام امور پر روشنی ڈالی۔ جو زبان کے مولد ومنشا کے متعلق برسوں سے متنازعہ فیہ رہے تھے۔ ان تمام تفاصیل کا خلاصہ یہ تھا کہ سیاسی اور معاشرتی ماحول اور زبان کی ساخت اور اس کے صرفی ونحوی قاعدے اس بات کا پتہ دیتے ہیں کہ موجودہ اُردو زبان کو پنجاب کی زبان سے ایک گونہ مماثلت ہے ۔اس کتاب کے شائع ہونے پر ''دکن سکول'' اور ''برج بھاشا سکول'' کے پرستاروں میں ایک کھلبلی مچ گئی۔ ہر طرف سے مخالفت کی آوازیں بلند ہوئیں۔ لیکن جب لوگوں نے تاریخی شوہد کو ٹٹولا اور ان کے پیش کردہ دلائل پر غور کیا تو رفتہ رفتہ طبائع کا میلان اس خیال کی طرف ہوتا گیا بالآخر اس نظریہ کی تائید کی۔ اس نظریے کو سمجھنے کے لئے ہمیں سب سے پہلے شمالی ہند میں مسلمانوں کی آمد، ان کی عسکری کارگزاریوں، اور فتوحات کو پیشِ نظر رکھنا چاہیئے۔ اگر چہ ابتداء میں محمد بن قاسم نے سندھ کو فتح کیا اور اپنے مختصر زمانہ حکومت میں اس ملک کی اقوام سے انتظامی میل جول پیدا کرنے کی کوشش کی۔ بلکہ اس سے پیشتر بھی مسلمانوں، اور پنجابیوں اور سندھیوں میں تمدنی میل جول شروع ہو چکا تھا۔ تاہم سب سے بڑا سیاسی انقلاب محمود غزنوی کے حملوں نے کیا۔ جس کے معروف سترہ حملوں نے نسل انسانی کے دو مختلف گروہوں کو اس طرح خلط ملط کر دیا کہ بقول مورخ فرشتہ ''غزنی گویا ہندوستان کا ایک صوبہ معلوم ہونے لگا''۔ محمود غزنوی کی سلطنت اس کے بعد کم وبیش ایک صدی تک رہی۔ اس زمانے میں دارالسلطنت غزنی میں ایک ترجمان، ہندوستانی باہمی اظہار وخیال کے لئے رکھا جاتا تھا۔ کون کہہ سکتا تھا کہ ایک ہندی کے اس ہنگامہ خیز خلط ملط کا نتیجہ کچھ نہ نکلا ہوگا؟۔ اور اس کا اثر اس زمین پر نہ پڑا ہوگا؟ جہاں سب سے پہلے یہ دونوں قومیں آپس میں ٹکرائیں پھر سیاسی حالات اور تمدنی حالات بدل جانے سے ایک دوسرے کے قریب تر آ گئیں۔ مسعود سعد سلیمان اس دور کا شاعر تھا اس نے اپنا ہندی دیوان جس زبان میں لکھا ہوگا وہ سوائے پنجاب کی زبان کے اور کوئی زبان ہو ہی نہیں سکتی۔ تذکرہ نگاروں نے یہ بھی لکھا ہے کہ مسعود نے خاص پنجابی طرزیں بھی اختیار کیں۔ چنانچہ اس کے فارسی کلام میں بھی ''بارہ ماسہ'' جو ایک خاص پنجابی چیز ہے اور جس کا رواج پنجابی شاعروں میں کچھ عرصہ تک یہاں عام پایا جاتا تھا اس ربط ونظم اور خلط ملط کا نتیجہ تھا کہ حکیم سنائی کے کلام میں بھی جو اسی عہد کے شاعر ہیں۔ بعض ہندوستانی الفاظ ''کوتوال'' ''پانی'' وغیرہ ملتے ہیں کوتوال کا لفظ کوٹ والا کی تبدیل شدہ صورت ہے جس کے معنی مالکِ قلعہ کے ہیں۔ لیکن اس کے معنی یہ نہیں کہ اس زمانے میں اس زمانے میں تصنیف وتالیف کا سلسلہ شروع ہو گیا ہوگا بلکہ مقصد صرف یہ ہے کہ یہاں فارسی، ترکی و پنجابی کے باہمی میل جول سے اس ملک کے باشندوں اور مسلمان آبادکاروں کے درمیان ذریعہ اظہارِ خیال کے لئے ایک زبان وجود میں آئی۔ جو ان کے معاشرتی، تجارتی ضروریات کے لئے کافی تھی۔ تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ جوں جوں مسلمان حملہ آوروں اور نو واردوں کے قدم پنجاب کی سرزمین سے آگے بڑھتے چلے گئے تو زبان بھی پھیلتی چلی گئی۔ پنجاب سے دہلی اور دہلی سے شمالی ہندوستان کے باقی علاقوں میں پہنچی۔ یہاں ایک وضاحت ضروری ہے وہ برج بھاشا اور اردو باہمی ربط وضبط ہے کہ یہ کہنا کہ اُردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے اور اسی کی ایک شاخ ہے اس نظریہ کی تردید ذرا حافظ محمود شیرانی کے الفاظ میں سنیئے:۔ ''جب ہم اُردو کے ڈول اس کی وضاحت اور ساخت اور وضع قطع کو دیکھتے ہیں تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اس کا ڈھنگ اور ہے۔ برج بھاشا کا ڈھنگ اور ہے دونوں کے قواعد وضوابط واصول مختلف ہیں۔ اُردو برج بھاشا کے مقابلہ میں پنجابی بالخصوص ملتانی سے مماثلت قریبہ رکھتی ہے۔ برج بھاشا سے چند ترمیمیں قبول کر لینا یا الفاظ کا مستعار لے لینا دوسری بات ہے لیکن جہاں برج بھاشا نے اس سے الفظ مستعار لئے ہیں وہاں پر اپنا اثر بھی ڈالا ہے اور برج بھاشا پر کیا موقوف ہے۔ ہندوستان کی دوسری زبانیں بھی اُردو سے پرتو سے خالی نہیں۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیئے کہ اگر چہ اُردو زبان بین الاقوامی ضروریات کے لئے وجود میں آئی۔ لیکن بہت جلد وہ ہندوستان کے مسلمانوں کی عام زبان بن گئی اس نے ستلج پار ہو کر مسلمانوں کا دامن پکڑ لیا۔ مسلمان سپاہی اہل عملہ دست کار، پیشہ ور، مزدور، فقیر درویشوں مسافر کا ساتھ دیا۔ دکن و بنگال و گجرات جہاں کہیں وہ گئے یہ اُن کے ساتھ رہی اور ساتھ ہی بسی۔ ابتدا میں یہ غیر تعلیم یافتہ عوامی طبقے کی زبان تھی آخر اس کی ہر دلعزیزی دیکھ کر تعلیم یافتہ طبقے نے بھی اس پر توجہ دی ۔مسلمانوں کی فتح دہلی کے بعد سب سے موثر حملہ جو دکن پر ہوا وہ سلطان علاؤالدین خلجی کے زمانے میں اسکے بیٹے خضر خاں نے کیا گویا یہ سمجھنا چاہیئے کہ اس زمانے سے اردو کی داغ بیل دکن میں پڑ گئی اس کے تقریباً پون صدی بعد سلطان محمد تغلق نے دلی سے اپنا دارالسلطنت منتقل کرتے ہوئے دولت آباد میں اپنی راجدھانی قائم کر لی۔ دہلی کی بیشتر آبادی کو نئے دارالسلطنت میں بسنے کے شدید احکام جاری ہوئے اسی زبردست خلط ملط کے طفیل اُردو دکن کی سرزمین میں مضبوطی کے ساتھ جم گئی۔ اسی زمانے میں اس میں بول چال شروع ہوئی۔ شمالی ہندوستان کے مقابلہ میں دکن کی سرزمین اس زبان کی ترویج واشاعت کے لئے بہت سازگار ثابت ہوئی۔ اس کی مختلف وجوہات تھیں ۔ا۔ ایک تو یہ کہ دکن کے فرمانرواؤں کی محل سراؤں میں ہندو رانیاں داخل ہو گئیں۔ جس سے ان کے تعلقات وہاں کے ہندو باشندوں سے زیادہ استوار ہو گئے۔ لازمی امر تھا کہ وہ ایسی زبان کو جو نہ تو اجنبی ہو اور نہ ہندوستان کی قدیم پراکرت، نسبتاً زیادہ پسند کرتے جو دو قوموں کے میل ملاپ کا ذریعہ تھی۔ اور جس کا اختیار کرنا دونوں کو ایک دوسرے کے قریب لا سکتا تھا۔ ۲۔ دوسری وجہ اس سرزمین میں صوفیاء اور مشائخ کی کثرت تھی۔ جن کا کام اپنے مذہب کی تبلیغ واشاعت تھا۔ اور ظاہر ہے کہ اس تبلیغ و اشاعت کے لئے عوام سے رابطہ واتحاد قائم کرنا پڑتا ہوگا۔ لازماً ایک ایسی زبان کو ذریعہ

اشاعت بنایا گیا جوان بزرگان اور عوام کے درمیان ایک آسان رابطے کا کام دے سکتی تھی ۔۳۔ تیسری وجہ غالبًا یہ بھی تھی کہ دکن کے تاجدار مغلیہ شہنشاہوں کے مقابلے میں ایک امتیازی شان بھی پیدا کرنا چاہتے ہوں۔ اور فارسی کے ساتھ ساتھ اُردو کو رواج دے کر اپنی تسکین طبع کا سامان مہیا کرتے ہوں۔ محمد تغلق کے آخر زمانہ سلطنت میں دکن نے بغاوت کی۔ حسن کنگو نے بہمنی سلطنت کی بنیاد رکھی ۔ جو تقریباً دو سال تک حکمران رہا۔ اور پھر بہمنیوں کی سلطانی میراث پانچ مختلف خاندانوں میں بٹ گئی ۔ یہ سلطنتیں طاقتور اور ممتاز تھیں ۔انہیں کے عہد میں اُردو زبان کو ادبیات کا رُتبہ ملا۔ یہ سارا عرصہ تقریباً ساڑھے تین سو سال کا ہے۔ اس زمانے میں دہلی اور دکن میں کوئی خاص پائیدار مستقل تمدنی، سیاسی تعلق قائم نہ رہا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اُردو متعدد امور میں جو بعض صرف ونحو سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اور بعض محاوروں سے مختلف ہوگئی ۔ اہل علم نے اسی امتیاز کو ظاہر کرنے کے لئے ایک کا نام دکنی رکھا اور دوسری کا نام اُردوئے معلّیٰ رکھ دیا۔ دکنی زبان تغلقوں کے عہد کی زبان کی مقلد رہی ۔ اور شمالی ہندوستان کی زبان بیرونی اثرات کے ماتحت بدلتی رہی ۔ اور فارسی کی آغوش میں رہ کر اس کے بہت قریب ہوگئی ۔ بہر حال دکنی شمالی ہندوستان کی اُردو کتنی مختلف کیوں نہ ہو اس کی بنیادی صورت اُردو سے بہت کچھ مشابہ ہے۔ اس میں بہت سے الفاظ پنجابی کے ہیں ۔ وجہی جو ولی سے پہلے گزرا ہے جس کی کتاب ''مثنوی قطب مشتری'' نے ولی اورنگ آبادی سے اوّلیت کا سہرا چھین لیا۔ دکن کے قدیم اور اوّل درجے کے ادیبوں اور شاعروں میں شمار ہوتا ہے ۔ اس کتاب کی زبان میں پنجابی الفاظ کثرت سے ملے ہوئے ہیں دلچسپی کے لئے چند ایک کی تفصیل حسبِ ذیل ہے

ـ ادھار (سہارا) انب (آم) آپے (آپ) اجھوں (ابھی) کدھیں (کبھی) کوہ (کوس) انگ (جسم) پڑ (تختہ) ٹھنڈ (ٹھنڈی) ب مرنا (ڈوب مرنا) دسنا (نظر آنا) اس قبیل کے سینکڑوں الفاظ جو اس طرح جواز میں پیش کئے جاسکتے ہیں ۔ یہ امر یاد رکھنے کے قابل ہے کہ وجہی کی شاعری کی مختلف اصناف کی بنیاد پڑی ۔ اس مثنوی میں نظم کی یکسانیت کو توڑنے کی خاطر غزل کی صنف کو استعمال کیا گیا ہے۔ طرفہ یہ ہے کہ غزلیں بذاتِ خود قدیم ادبیات اُردو کا اچھا خاصہ نمونہ ہیں ۔ جو بعد میں ولی کے یہاں جسے اُردو شاعری کا باوا آدم کہا جاتا ہے دیکھنے میں آتی ہے ۔ یہ بحث نا تمام رہے گی اگر ہم اُردو کے مختلف علموں کا ذکر نہ کریں جو وقتاً فوقتاً اس کے لئے استعمال ہوتے رہے ۔ یہ بات تعجب سے خالی نہیں کہ آج ہماری زبان جس لفظ کے ساتھ مشہور ہے ۔ وہ ایک نیا نام ہے اُردو ترکی زبان کا لفظ ہے۔ اس کے معنی بازار یا کیمپ وغیرہ کے ہیں ۔ اور یہ لفظ فارسی تصنیفات میں اس زمانے سے چلا آتا ہے جب سے اس زبان پر منگولوں اور ترکوں نے اپنا اثر ڈالا سب سے پہلے جس کتاب میں یہ لفظ استعمال ہوا وہ ''جہاں کشائی جوینی'' ہے جہاں تک ہندوستان کا تعلق ہے غالبًا سب سے پہلے بابر نے اپنی کتاب ''تزک'' میں اسے استعمال کیا ہے۔ اس کے بعد یہ لفظ عام ہوگیا۔ لیکن اس کے معنی لشکرگاہ اور چھاؤنی کے رہے۔ مغلوں کے زمانے میں چلتی ہوئی افواج کے ساتھ جو ٹکسال قائم کی جاتی تھی ۔ وہاں سے نکلے ہوئے سکّوں پر ''اُردوئے ظفر قرین'' لکھا جاتا تھا ۔ محمد شاہ کے عہد کے قریب شاہی قلعہ کے باہر لاہوری دروازے کے پاس ایک بازار'' اُردو بازار'' کے نام سے مشہور تھا۔ جو غدر کے بعد انگریزی فاتح افواج کے ہاتھوں تباہ ہوگیا جس کا ذکر غالب نے بھی اپنے خطوط میں کیا ہے۔ اس طرح اس جگہ کے قریب ایک مندر'' اُردو مندر'' کے نام سے آباد تھا جو غالبًا لشکریوں کے ہندو عنصر کے لئے عبادت گاہ کے طور پر استعمال ہوتا تھا۔ غرضیکہ لفظ اُردو کا استعمال ان چار پانچ مقامات پر ہمیں یہ پتہ دیتا ہے کہ ہماری زبان بھی انہی لشکریوں سے مناسبت رکھنے کے باعث اس نام سے مشہور ہوگئی ہوگی اس خیال نے بعض لوگوں کو غلطی میں مبتلا کر دیا ہے کہ زبانِ اُردو انہی لشکریوں کے اندر پیدا ہوئی اور اس کی عمر خواہ کتنی ہی ہو خود زبان کی موجودگی سے اس سے سینکڑوں سال پہلے سے ثابت شدہ ہے کہ ہمارے لٹریچر میں سب سے پہلے اُردو کا لفظ استعمال کیا وہ محمد حسین تحسین ہے۔ جنہوں نے اپنی کتاب ''نوطرزِ مرصّع'' آج سے ایک صدی پہلے لکھی تھی ۔ پھر اس کے بعد تقریباً اُسی زمانے میں میر امن نے'' باغ و بہار'' میں یہی نام استعمال کیا۔ اس کے بعد اس نام کو ایسی مقبولیت حاصل ہوئی کہ آج اس سے بہتر کوئی اور نام معلوم نہیں ہوتا۔ بہر حال یہ ثابت ہوگیا ہے کہ اُردو کا موجودہ نام ڈیڑھ سو سال سے زیادہ پرانا نہیں ۔ خود تحسین اور میر امن اُردو نظم کے لئے ریختہ کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ ریختہ کی کئی ایک تشریحات موجود ہیں مثلاً ریختہ وہ زبان ہے جو اپنی اصلیت سے گر جائے۔ آزاد آبِ حیات میں لکھتے ہیں کہ ریختہ کے معنی گری پڑی پریشان چیز کے ہیں ۔ چونکہ اُردو میں الفاظ پریشان جمع ہیں اس لئے اسے ریختہ کہا گیا ہے۔ ایک اور جگہ کہتے ہیں کہ ریختہ کے معنی چونہ سفیدی وغیرہ کے ہیں ۔ جو دیوار کو پختہ کرتا ہے اس لئے بھی شاید اس زبان کا نام ریختہ ہوا۔ لیکن سب سے معقول تعریف وہ ہے جو پروفیسر شیرانی نے کی ہے۔ ریختہ بمعنی ایجاد کرنا کسی چیز کو قالب میں ڈھالنا اور موزوں کرنا کے آتا ہے۔ آٹھویں صدی میں امیر خسروؒ نے ایرانی اور ہندوستانی موسیقی کے امتزاج سے نئے سُر نکالے۔ جن میں سے ایک کا نام ریختہ رکھا۔ آہستہ آہستہ یہ لفظ موسیقی کے مفہوم سے نکل کر زبان اور پھر زبان کی اصطلاح عام بن گیا۔ خود امیر خسرو کے زمانہ ہی میں ریختہ اس نظم کو کہتے تھے جس میں فارسی اور ہندوستانی الفاظ کی آمیزش ہو اس مفہوم میں ریختہ کے لفظ کا استعمال پچھلی صدی تک ہوتا چلا آیا ہے۔........ یعنی وہ شاعرانہ زبان جو ہندوؤں اور مسلمانوں کی باہمی آمیزش سے ترتیب پا کر پھیل رہی تھی ۔ بعد مواقع پر اس کا اطلاق نثر پر بھی ہوا ہے۔ ریختہ کے علاوہ اُردو کا ایک نام دہلوی بھی ہے ۔ بالکل اسی طرح اہلِ دکن اسے دکنی، اہلِ گجرات اسے گجراتی کہتے رہے۔ یہ نام دہلی سے نکلے ہوئے سپاہیوں کے ساتھ دور دور تک پہنچا۔ گجرات کے ایک صوفی شیخ باجن گجراتی نے ایک نظم لکھی ہے جس کا نام'' صفت دنیا بزبان دہلوی'' ہے۔ جو اُردو کا پرانا نمونہ ہے یورپ کے حملہ آور اور سیاح اسے (Language of Indians)

اور پھر ہندوستانی بھی کہتے رہے جو اٹھارہویں اور بالخصوص انیسویں صدی میں بہت عام رہا۔(بشکریہ الفضل ڈیلی ۲۰ دسمبر ۲۰۱۳ء)

## تصویر پاکستان۔۔۔۔عاصی صحرائی

ظالم یہ کیسی تصویر بنا دی تو نے پاکستان کی
اپنی جیسی سے شکل بنا دی اس گلستان کی
یہ سرزمیں نہیں ہے صرف مسلمان کی
یہ دھرتی تو جاگیر ہے ہر اچھے انسان کی
ظالم یہ کیسی تصویر بنا دی تو نے پاکستان کی
اپنی اپنی انا کی خاطر کتنے گل کھلائے ہیں
اسی لئے تو اب تک وطن پر کالے سائے ہیں
سب قواعد اور قانونوں کو تم نے جھٹلایا ہے
کبھی اطاعت نہ کی تو نے قائد کے فرمان کی
ظالم یہ کیسی تصویر بنا دی تو نے پاکستان کی
اس گلشن پر اس کا حق ہے جس نے اسے بنایا ہے
تم نے تو مظلوموں کا بے جا خوں بہایا ہے
نعرے لگا کر خوب لوگوں کو پاگل بنایا ہے
سیاستدانوں نے آمروں کو ملک پکڑایا ہے
بیورو کریٹ،تاجر،سیاستدان ،وڈیروں نے
لو ٹ لوٹ کر مادر وطن کو کھایا ہے
اس دھرتی پر اک ناکارہ بوجھ ہو تم
یہ دھرتی تو جاگیر ہے ہر اچھے انسان کی
ظالم یہ کیسی تصویر بنا دی تو نے پاکستان کی
اس وقت قوم کو تو نے فتووں میں الجھایا تھا
مسلم لیگ کو کفر کا گڑھ،قائد کو کافر بنایا تھا
وقت آزادی تو نے گاندی رسول بنایا تھا
۔پٹیل تمہارا بھائی،نہرو تمہارا تایا تھا
ایڑھی چوٹی کا زور لگا کر آزادی کو روکا تھا
بادل نخواست آنے والو،کیا تم نے دھوکا تھا
پاکستان کا کونہ کونہ یہ سب ہمارا اپنا ہے
اس کی حفاظت ہر شہری کا سپنا ہے
تم تو بند گلی کے اندر بیٹھ کر شور مچاتے ہو
بڑے بہادر بنتے ہو،کمزوروں کو ستاتے ہو
ہمت ہے تو کھلی فضا میں، زہر یلے لب کھولو
بنگال اور کشمیر کا آگے بڑھ کر بدلہ لو
بزدل بن کر چاٹ رہے ہو گردن انگلستان کی
ظالم یہ کیسی تصویر بنادی تو نے پاکستان کی
تم تو بند گلی کے اندر بیٹھ کر شور مچاتے ہو
ساٹھ سال خوب تو نے عیش اڑائی ہے
مکاری سے خوب اپنی دکان چمکائی ہے
گندے کرتوتوں سے کیا نام کمایا ہے
نہ کوئی دین ہے تیرا نہ باپ نہ بھائی ہے
کردار تمہارا کوفی ہے یوں ہی حسینی بنتے ہو
خونی کھیل جو کھیلا تو نے شمر یزید ی لگتے ہو
دین کا چکر دے کر ساری قوم لڑائی ہے
اپنے لالچ کی خاطر اطاعت کی شیطان کی
ظالم یہ کیسی تصویر بنا دی تو نے پاکستان کی
جہاد کا نعرہ دے کر،فرنگی کا ڈالر کھاتے ہو
غصب حقوق کرکے اپنا مال بناتے ہو
مزدور و کسان، غرباء کی محنت دباتے ہو
اپنے بزنس کا سارا ٹیکس چھپاتے ہو
قوم کا مال سب بیرون ملک چھپایا ہے۔
سرے محل،رائے ونڈ کیسے تو نے بنایا ہے
امریکی ایجنڈا سے سعودی مال ، ہضم کیا
ملا کا فتوی لیکر جنگ کی افغان کی
ظالم یہ کیسی تصویر بنا دی تو نے پاکستان کی
ویسے تو ہم پھول ہیں لیکن کانٹا بھی بن سکتے ہیں
شیر جیسا دل ہے ،شعلہ بھی بن سکتے ہیں
یقین محکم، عمل پیہم،اطاعت و خدمت
ان پے چل کر مجاہد بھی بن سکتے ہیں
اک رسولؐ کے پیچھے چل کر منزل کو پانا ہے
ہر قسم کا ظلم سہہ کر حسینی بھی بن سکتے ہیں
اختر ملک۔علی نے ، جیسے چھمب ،چونڈہ جیتا تھا
وقت پڑا تو پیش کریں گے وطن کو اپنی جان بھی
ظالم یہ کیسی تصویر بنا دی تو نے پاکستان کی

## اسلام کے زرّیں اصول۔۔۔اے آر راجپوت

اسلام کے زریں اصول ایسے ہیں جن پر جو قوم یا ملک عمل کرے گا وہ ترقی کی معراج تک پہنچے گا۔ایک دفعہ علامہ اقبال مسولینی سے ملے تو علامہ نے حضورﷺ کی اس پالیسی کا ذکر کیا کہ شہر کی آبادی میں غیر ضروری اضافے کی بجائے نئے شہر آباد کئے جائیں۔مسولینی یہ سُن کر مارے خوشی کے اُچھل پڑا۔کہنے لگا''شہری آبادی کی منصوبہ بندی کا اس سے بہتر حل دنیا میں موجود نہیں''۔

آج سے چودہ سال پہلے آپﷺ نے حکم دیا تھا کہ''مدینہ کی گلیاں کشادہ رکھو۔گلیوں کو گھروں کی وجہ سے تنگ نہ کرو ہر گلی اتنی کشادہ ہو کہ دولدے ہوئے اُونٹ آسانی سے گزر سکیں''۔آج دنیا پندرہ سو سال بعد بھی اس حکم پر عمل کر رہی ہے۔شہروں میں تنگ گلیوں کو کشادہ کیا جا رہا ہے۔آپﷺ نے حکم دیا تھا کہ مدینہ کے بالکل درمیان میں مرکزی مارکیٹ قائم کی جائے اُسے''سُوق مدینہ'' کا نام دیا گیا۔آج کی تہذیب یافتہ دنیا کہتی ہے جس شہر کے درمیان مارکیٹ نہ ہو وہ ترقی نہیں کر سکتا۔آپﷺ نے کہا تھا۔''یہ تمہاری مارکیٹ ہے اس میں ٹیکس نہ لگاؤ''۔آج دنیا اس نتیجے پر پہنچی ہے کہ مارکیٹ کو ٹیکس فری ہونا چاہیئے۔اب دنیا بھر میں ڈیوٹی فری مارکیٹ کا رُجحان فروغ پا رہا ہے۔آپﷺ نے ذخیرہ اندوزی سے بھی منع فرمایا۔آج اگر دنیا اس حکم پر عمل کرتی تو خوراک کا عالمی بحران کبھی پیدا نہ ہوتا۔آپﷺ نے فرمایا تھا کہ سود اور سٹے سے نفع نہیں نقصان ہوتا ہے۔آج عالمی مالیاتی بحران نے اس کی قلعی کھول کر رکھ دی ہے۔کل کے ارب پتی آج کشکولِ گدائی لئے پھر رہے ہیں۔صحابہؓ کرام کو منع کیا کہ درختوں کو نہ کاٹو۔کوئی علاقہ فتح بھی ہو تو درختوں کو آگ نہ لگاؤ۔آج ماحولیاتی آلودگی دنیا کا دوسرا بڑا مسئلہ ہے۔عالمی درجہ حرارت بڑھ رہا ہے۔گلیشیئر پگھل رہے ہیں۔گرمی بڑھ رہی ہے۔یہ سب کچھ درختوں اور جنگلات کی کمی کی وجہ سے ہو رہا ہے۔ایک شخص نے مدینہ کے بازار میں بھٹی لگالی۔حضرت عمرؓ نے اس سے کہا کہ کیا تم بازار کو بند کرنا چاہتے ہو۔؟ شہر سے باہر جا کر بناؤ۔آج دنیا بھر کے انڈسٹریل زون شہروں سے باہر ہیں۔حضورﷺ نے مدینہ سے باہر''محی النقیع'' نامی سیر گاہ بنوائی۔وہاں پیڑ اور پودے اسقدر لگوائے کہ وہ تفریح گاہ بن گئی۔حضورﷺ خود بھی آرام کے لئے وہاں تشریف لے جاتے تھے۔آج صدیوں بعد ترقی یافتہ شہروں میں پارک قائم کئے جا رہے ہیں۔شہروں کے لئے ایسی تفریح گاہوں کا ضروری سمجھا جا رہا ہے۔آپﷺ نے مدینہ کے مختلف قبائل کو جمع کر کے''میثاقِ مدینہ'' تیار کیا۔۵۲ دفعات پر یہ مشتمل معاہدہ دراصل مدینہ کی شہری حکومت کا دستور العمل تھا۔اس معاہدے نے جہاں شہر کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کیا وہیں خانہ جنگیوں کو ختم کر کے مضبوط قوم بنا دیا۔مدینہ میں مسجد نبوی کے صحن میں ہسپتال بنایا گیا۔تاکہ مریضوں کو جلد اور مفت علاج مہیا ہو۔آج ترقی یافتہ ممالک میں علاج حکومت کی ذمہ واری سمجھا جاتا ہے۔مسجد نبویؐ کو مرکزی سیکٹریریٹ کا درجہ حاصل تھا۔مدینہ بھر کی گلیاں مسجد نبویؐ تک براہ راست پہنچتی تھیں۔تاکہ کسی حاجت مند کو پہنچنے میں دقّ شواری نہ ہو۔آج ریاست کے سربراہ اعلیٰ کی رہائش گاہ میں اس بات کا خصوصی خیال رکھا جاتا ہے۔

مگر آج لینن اور مارکس کی معاشی حکمت عملیوں کا چرچا ہے۔شہرہ ہے اُن کی غریب نوازی کا۔مگر یہ غریب نواز خود تو محلوں میں رہائش پذیر رہے۔مگر آپ اس بادہ نشینﷺ کا حال دیکھئے جسے سونے کے پہاڑ پیش کئے گئے مگر اُس نے کہا کہ میں تو ایک دن کا کھانا کھا کر شکر کرتا ہوں اور دوسرے دن بھوکا رہ کر صبر کرنا چاہتا ہوں۔وہ ﷺ کچے مکان اور جھونپڑے میں سویا اس کا بستر کھجور کے پتوں سے بنا ہوا تھا آپﷺ کا طرزِ زندگی نہایت سادہ تھا۔بھوک کی وجہ سے بعض اوقات پیٹ پر پتھر بندھے ہوتے تھے۔لیکن گھر میں نو تلواریں لٹک رہی تھیں۔اسرائیلی وزیر اعظم گولڈا مائر نے لکھا ہے کہ جس وقت عرب اسرائیل جنگ ہو رہی تھی اُس وقت مجھے مسلمانوں کے پیغمبر کی زندگی کا وہ پہلو یاد آ گیا جب چراغ میں تیل نہیں تھا لیکن دیوار پر نو تلواریں لٹک رہی تھیں۔دنیا کی تمام بڑی شخصیات کی زندگی کو پڑھ لیں یہ سب سادگی پسند تھے دنیا کے پانچ ارب پتی پُرتعیش کی بجائے سادہ زندگی گزار رہے ہیں۔کیسی عجوبہ روزگار بات ہے کہا مریکی بازارِ حصص کے سب سے بڑے بروکر وارین یافٹ ڈرائیور تک رکھنے کے قائل نہیں۔لبنانی ارب پتی کارلوس سلیم ہوائی سفر کو پیسے کا ضیاع سمجھتے ہیں۔چارک فینی جیسے امیر کبیر اپنی گاڑی میں سفر ہی نہیں کرتے اور یہ سب عام زندگی بسر کرتے ہیں۔وارین یافٹ ایک عام اور بوسیدہ سے مکان میں رہتے ہیں۔حالانکہ وہ ایک ارب پچاس کروڑ ڈالر کے مالک ہیں۔سویڈن کے ارب پتی اورا یکتا فرم کے مالک انگیفر کامریڈ کا کہنا ہے ان کی کمپنی کی مصنوعات غریب لوگ خریدتے ہیں۔اس لئے وہ غربت کی زندگی گزارتے ہیں۔ایک امریکن ارب پتی چاک وین کہتے ہیں۔کہ وہ فضول خرچی نہیں کرتے۔حضرت عثمانؓ امیر ترین صحابی تھے انہوں نے جس سادگی سے غرباء کی مدد کرتے ہوئے زندگی گزاری آج دنیا کے پانچ ارب پتی انہی کی سنت پر عمل پیرا ہیں۔وارین یافٹ دنا کا دوسرا امیر ترین شخص ہونے کے باوجود ایک چھوٹے سے گھر میں رہتا ہے۔جب اس سے پوچھا جاتا ہے کہ بڑا مکان کیوں نہیں لیتے تو اس کا جواب بڑا دلچسپ ہوتا ہے کہ''کیا دوسرے لوگوں کے پاس چھوٹا مکان بھی نہیں ہے تو پھر میں بڑے مکان کی خواہش کیوں کروں؟''(ماخوذ از الفضل ۹ جنوری ۲۰۱۴ء)

## مظلوموں کے نام۔۔۔۔۔۔۔سلمان غازی

ظلم کے دور میں کچھ لوگ ہیں کیوں زیرِ عتاب
اپنی ناکردہ گناہی کا جو دیتے ہیں حساب
وا کئے بیٹھے ہیں وہ دل کے دریچے کب سے
بھول بیٹھے ہیں اُنہیں قوم کے رہبر جب سے

کوئی مفہوم نہیں زیست کی تحریروں میں
خواب ڈھلتے نہیں اُن لوگوں کے تعبیروں میں
ڈھونڈتے ہیں اندھیروں میں وہ اُمیدوں کی کرن
خوف و دہشت سے مگر بڑھتی ہے دل کی دھڑکن
اُنکی آنکھیں ابھی پتھرائی نہیں ہے
اُن کی منزل کا کوئی عکس نہیں ہے ممکن
اُن کے پیاروں کے لئے گھر میں کوئی عید نہیں
روشنی اُن کے گھروں میں نہیں اُمید نہیں
چند خاموش نگاہیں جو بھٹکتی ہونگی
یاس و حسرت سے دروبام کو تکتی ہونگی
ظلم کی دھوپ میں جلتے ہوئے شوریدہ بدن
طیش نمرود کو بھڑکاتی وہ تاریخِ کُہن
قہرِ حکام کے معتوب اسیر زنداں
جن میں ہے صبر کے اظہار کی خُو، بے پایاں
اُن کو طاقت کا نشہ،جوروستم ،جبر سہی
ظلم ہتھیار اُدھر ہے تو ادھر صبر سہی
وہ جلاتے ہیں چمن کو تو جلانے دو انہیں
وہ ہیں انجام سے غافل تو بتانے دو ہمیں
برگ جلتے ہیں تو اشجار بھی جل جاتے ہیں
نیک جلتے ہیں تو بدکار بھی جل جاتے ہیں
جان لو وقت ہمیشہ نہیں رہتا یکساں
آہِ مظلوم میں بہت کچھ ہوتا ہے پنہاں
حسرتیں بڑھ کے اندھیروں کو بڑھا دیتی ہیں
ظلمتیں بڑھ کے سویروں کو جگا دیتی ہیں
وحشت و ظلم کے انجام سے غافل ہو کر
ایک دن ظلم گرانبار سے بوجھل ہو کر
جب بھی ٹپکے گا سنانِ کفِ قاتل سے لہو
کاٹ دے گا وہ ہر ایک ظلم کی شریانِ گلو
جب یہ انصاف کی چوکھٹ پہ دہائی دے گا
خونِ معصوم کا ہر قطرہ گواہی دے گا
تمہی قاتل تمہی شاہد تمہی منصف جب ہو
قتل انصاف کا چوکھٹ پہ تمہاری جب ہو
یاد رکھنا کہ بدلتا ہے زمانہ پل پل
آج ہے وقت تمہارا نہیں رہنے کا یہ کل
دل کی آہوں کا بھروسہ نہیں جانئے کب
بابِ رحمت پہ پہنچ جائیں تو کیا جانیئے کب
آہ مظلوم کا گردوں پہ گزر ہوجائے
درِ افلاک پہ یہ آہ رسا ہو جائے
خون بہتا ہے جب انسان کی اس بستی میں
ظلم بڑھتا ہے تو اس کار گہِ ہستی میں
صفحہ وقت کو تاریخ پلٹ دیتی ہے
تخت شداد کو لمحوں میں اُلٹ دیتی ہے
جن کے افکار بر انگیخت ہیں کینے میں مرے
اور وہ ہاتھ جو پیوست ہے سینے میں مرے
کیا خبر جوروستم سے ہی قلم ہو جائے
گردنِ جبر کسی طرح سے خم ہوجائے
تب یہی خاکِ نشیں کار گہِ ہستی میں
ابنِ شیطاں کی ستائی ہوئی اس بستی میں
وقت کی دھوپ میں ذرّوں کی طرح چمکے گے
شبِ تاریک میں گردوں پہ کہیں دمکیں گے
رحمت اس ڈر کے اندھیرے کو گھٹائے جب تک
نُورِ حق کُفر کی ظلمت کو مٹائے جب تک
پست انسانوں کی گھٹتی ہوئی عظمت کو نہ دیکھ
ظلم کی دھوپ میں سایوں کی درازی کو نہ دیکھ

## ترقی پسند تحریک مصنّفین سے وابستہ چند تخلیق کاروں کا ذکر عاصی صحرائی

**۱۔مخدوم محی الدین:** (پیدائش ۴فروری ۱۹۰۸ وفات اگست ۱۹۶۹)

مخدوم محی الدین: نے ۱۹۳۶ء میں عثمانیہ یونیورسٹی سے ایم اے کیا۔حیدرآباد دکن میں انجمن ترقی پسند مصنفین کی بنیاد رکھی۔اسی شہر میں آسودہء خاک ہیں۔مخدوم محی الدین کی شاعری میں ترقی پسندانہ شعور کی انقلابی حرارت آتش فشاں پہاڑ سے نکلنے والے لاوے کی مانند ہے۔جو ظالمانہ،غیر منصفانہ اور غاصبانہ استحصالی نظام کو بھسم کرنے کے لئے ہمہ وقت دہک رہا ہے۔جذبات کا ایک سیلِ رواں ہے۔جو شقاوت آمیز ناانصافیوں کو خس وخاشاک کی طرح بہالے جانے پر قادر ہے۔

جانے والے سپاہی سے پوچھو
وہ کہاں جارہا ہے
کون دُکھیا ہے جو گا رہی ہے

بھوکے بچوں کو بہلا رہی ہے
لاش جلنے کی بُو آرہی ہے
جانے والے سپاہی سے پوچھو
کوہِ غم اورگراں اورگراں اورگراں
غم زدہ تیشے کو چمکاؤ کہ کچھ رات کٹے
رات بھر دیدہء نم ناک میں لہراتے رہے
سان کی طرح آپ آتے رہے جاتے رہے

**۲۔فیض احمد فیض:** (پیدائش ۱۳فروری ۱۹۱۱ءوفات ۲۰نومبر ۱۹۸۴ء)

فیض احمد فیض نے پاکستان میں ترقی پسند تحریک کے لئے بہت سخت جدوجہد کے لئے قیدو بند کی صعوبتیں بھی برداشت کیں۔ان کی شاعری میں ترقی پسند اندازِ فکر ایک توازن اور اعتدال کے ساتھ جلوہ گر ہے۔اس میں کہیں بھی انتہاپسندی کا شائبہ نہیں ہوتا۔ان کی شاعری میں ترقی پسند سوچ اور غزل کی پُرسوز لے اس قدر پُرتاثیر لے میں ہم آہنگ ہوگئی ہے کہ قاری کو ایک مانوس فضا محسوس ہوتی ہے۔اس کی تصانیف نقش فریادی (۱۹۴۳) دستِ صبا (۱۹۵۲) زندان نامہ (۱۹۵۶)، دست تہہ سنگ (۱۹۶۵) سرِوادیء سینا (۱۹۷۱)، شامِ شہرِ یاراں (۱۹۷۹)، مرے دل مرے مسافر (۱۹۸۱) نسخہ ہائے وفا (کلیات) ۱۹۸۴ء، قارئین ادب میں بہت مقبول ہوئیں۔فیض احمد فیض کو حکومتِ پاکستان کی جانب سے ۱۹۶۰ء میں نشانِ امتیاز عطا کیا گیا اس کے علاوہ انہیں نگارایوارڈ اور لینن امن انعام سے بھی نوازا گیا۔فیض احمد فیض کی شاعری میں ترقی پسند اسلوب، سیاسی، سماجی، اور معاشرتی زندگی کے مسائل کو نہایت دردمندی اور خلوص کے ساتھ پیرایہ اظہار عطا کیا گیا ہے:

ہر اِک اولی الامر کو صدا دو
کہ اپنی فرد سنبھالے
اُٹھے گا جب جمع سر فروشاں
پڑیں گے دارورسن کے لالے
کوئی نہ ہوگا کہ بچالے
جزا سزا سب یہیں پہ ہوگی
یہیں عذاب و ثواب ہوگا
یہیں سے اُٹھے گا شورِ محشر
یہیں پہ روزِ حساب ہوگا

**۳۔اسرارالحق مجاز:** (پیدائش ۱۹۱۱ءوفات ۵دسمبر ۱۹۵۵ء)

اسرارالحق مجاز کا تعلق ایک ممتاز علمی گھرانے سے تھا۔ان کے جدِامجد مضطر خیرآبادی اپنے عہد کے نامور شاعر تھے۔ردالی بارہ بنکی اُترپردیش سے جنم لینے والے اس تخلیق کار نے علی گڑھ یونیورسٹی سے بی اے کیا۔ان کی بہن کی شادی عظیم شاعر جاں نثار اختر سے ہوئی۔اسرارالحق مجاز کی شاعری میں ترقی پسند تحریک کے انقلابی لہجے، سرمایہ دارانہ نظام سے شدید نفرت، فسطائی جبر اور استحصال کے خلاف مزاحمت اور انسانیت کو درپیش مسائل کے بارے میں حُریتِ فکر کی للکار قابل توجہ ہے:

پھر وہ ٹوٹا اک ستارہ پھر وہ چھوٹی پُھل جھڑی
جانے کس کی گود میں آئی یہ موتی کی لڑی
ہُوک سی سینے میں اُٹھی، چوٹ سی دل پر پڑی
اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں
بڑھ کے اس اندر سبھا کا ساز و سامان پھونک دوں
اس کا گلشن پھونک دوں، اس کا شبستاں پھونک دوں
تختِ سلطاں کیا، میں سارا قصرِ سلطاں پھونک دوں
اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

**۴۔احسان الحق احسان دانش:** (پیدائش ۱۹۱۴ءِ وفات ۲۲مارچ ۱۹۸۲ء)

مزدور شاعر کی حیثیت سے احسان دانش:

کام اب کوئی نہ آئے گا بس اِک دل کے سوا
راستے بند ہیں سب کوچہ ء قاتل کے سوا
باعثِ رشک ہے تنہاروی رہرو عشق
ہم سفر کوئی نہیں دوری منزل کے سوا
ہم نے دنیا کی ہر اک شہ سے اُٹھایا دل کو
لیکن اس شوخ کے ہنگامہ محفل کے سوا
جج منصف ہو جہاں ،دارورسن ہو شاہد
بے گناہ کون ہے اس شہر میں قاتل کے سوا
جانے کس رنگ سے آئی ہے گلستاں میں بہار
کوئی نغمہ ہی نہیں شور سلاسل کے سوا

احسان دانش کو بہت مقبولیت ملی۔ان کی خدمات کے اعتراف میں انہیں ۱۹۷۸ء میں حکومت پاکستان نے تمغہء امتیاز عطا کیا۔احسان دانش خود بھی مزدور تھے۔اس لئے ان کی شاعری میں جو مزدوروں کے لئے لفظی مرقع نگاری کی گئی ہے وہ ان کے ترقی پسندانہ شعور کی عکاسی کرتی ہے۔زندگی کی بھول بھلیوں م اور سرابوں میں حقائق کی جستجو اور راحت کی منزل کی تلاش ایک کٹھن مرحلہ ہے۔احسان دانش نے یہ کٹھن مرحلہ بڑے کرب سے گزارا۔احسان دانش کی شاعری میں سماجی زندگی کے مسائل کا حقیقی احساس وادراک قابلِ توجہ ہے۔ایک ہسپتال کے جنرل وارڈ میں بے بس و لاچار غریب مریض جس جان لیوا کرب سے گزرتے ہیں ان کا احوال حد درجہ

لرزہ خیز اور اعصاب شکن ہے۔

دوائیں باسی، خراب پوشش، نہ تازہ کھانا، نہ صاف پانی
نہ خون میں زندگی کی گرمی، نہ سانس میں جان فزا روانی
نہ کوئی آثار تن درستی نہ کوئی خدمت گزار اُن کا
وہ نوجوان خود پسند لڑکے، ابھی جو تعلیم پا رہے تھے
غریب فاقہ کشوں کی جانوں کو تجربوں میں گنوا رہے تھے

## ۵۔علی سردار جعفری:

(پیدائش ۲۹ نومبر ۱۹۱۳ء وفات یکم اگست ۲۰۰۰ء)

علی سردار جعفری نے ۱۹۳۳ء میں علیگڑھ یونیورسٹی میں داخلہ لیا لیکن ۱۹۳۶ء میں ان کے ترقی پسند خیالات کے باعث یونیورسٹی سے فارغ کر دیا گیا۔ اس کے بعد انہوں نے دہلی کالج سے گریجوایشن کی اور لکھنو یونیورسٹی سے پوسٹ گریجوایشن کی۔ اور دوسری عالمی جنگ کے دوران جنگ کے خلاف نظمیں لکھنے پر انہیں حکومت نے زندان میں ڈال دیا۔ ترقی پسند تحریک کے ادبی مجلّے ''نیا ادب'' کی ادارت کی ذمہ داریاں انہوں نے (۱۹۳۹ تا ۱۹۴۹) بڑی خوش اسلوبی سے ادا کیں۔ علی سردار جعفری کی شاعری میں زندگی اور سماج کے متعدد اہم مسائل کے بارے میں اظہارِ خیال کیا گیا ہے۔ ان کی شاعری میں ترقی پسندانہ شعور پوری شدت کے ساتھ موجود ہے

## ۶۔جاں نثار اختر:۔

(پیدائش ۱۴ فروری ۱۹۱۴ء وفات ۱۹ اگست ۱۹۷۶ء)

جاں نثار اختر ترقی پسند تحریک کے سرگرم رُکن تھے۔ اُن کے والد مضطر خیر آبادی ایک قادرالکلام شاعر تھے۔ ۱۹۳۰ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں داخلہ لیا۔ بی اے آنرز کے بعد ایم اے کی ڈگری لی ان کی شاعری میں درد و غم کی کیفیت قاری کو بہت متاثر کرتی ہے۔

اشعار مرے یوں تو زمانے کے لئے ہیں
کچھ شعر فقط اُن کو سنانے کے لئے ہیں
ان دُھواں دھار اندھیروں سے گزرنے کے لئے
خونِ دل سے کوئی مشعل تو جلانی ہوگی
عشق کے رفتہ و سر گشتہ جنوں کو اے دوست
زندگی کی ادا آج سکھانی ہوگی

## ۷۔معین احسن جذبی:۔

(پیدائش ۲۱۔اگست ۱۹۱۲ء۔وفات ۱۳ فروری ۲۰۰۵ء)

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے ۱۹۴۰ء میں ایم اے کیا۔ اس کے بعد ۱۹۵۶ء میں ''مولانا حالی حیات اور ادبی خدمات'' کے موضوع پر تحقیقی مقالہ لکھ کر اسی جامعہ سے پی ایچ ڈی کی ڈگری لی۔ ان کے شعری مجموعے ''فروزاں''، ''سُخن مختصر'' اور ''گدازِ شب'' ترقی پسند شعور کے مظہر ہیں۔ ان کی شاعری کے کلیات ساہتیہ اکیڈمی دہلی کے زیرِ اہتمام ۲۰۰۶ء میں شائع ہوئی۔ معین احسن جذبی کی شاعری کی انفرادیت اور مرگ طلب قنوطیت قاری کو اداس کر جاتی ہے۔ اس کے اسلوب میں زندگی کے بارے میں جو سوچ پائی جاتی ہے اس میں جوش کی کمی ہے اور وہ متضاد نوعیت کی ہے:

جب کشتی ثابت و سالم تھی، ساحل کی تمنا کس کو تھی
اب ایسی شکستہ کشتی میں ساحل کی تمنا کون کرے
ہم دہر کے اس ویرانے میں جو کچھ بھی نظارا کرتے ہیں
اشکوں کی زباں میں کہتے ہیں، آہوں میں اشارا کرتے ہیں
اے موج تلاطم ان کو بھی دو چار تھپیڑے ہلکے سے
کچھ لوگ ابھی تک ساحل سے طوفان کا نظارا کرتے ہیں

## ۸۔شبیر حسن خان جوش ملیح آبادی۔

پیدائش ۵ دسمبر ۱۸۹۸ء وفات ۲۲ فروری ۱۹۸۲ء) جوش ملیح آبادی کی شاعری میں پائی جانے والی انانیت اور انفرادیت کا کرشمہ دامنِ دل کھینچتا ہے۔ وہ ترقی پسندانہ سوچ کو انقلاب کی سمت لے جاتے ہیں۔ ان کے دبنگ لہجے کی بنا پر انہیں شاعرِ انقلاب بھی کہا جاتا ہے۔ ان کی علمی، ادبی اور قومی خدمات کے اعتراف میں حکومت پاکستان کی طرف سے انہیں ۲۰۱۳ء میں ہلالِ امتیاز عطا کیا گیا۔ جوش کی تصانیف کی تعداد ۲۸ عدد ہے۔ ان میں شعلہ و شبنم، جنون و حکمت، فکر و نشاط، سنبل و سلاسل، حرف و حکایت، اور سرود و خروش کو بہت پذیرائی ملی۔ جوش کی خودنوشت ''یادوں کی برات'' ۱۹۶۶ء میں شائع ہوئی۔ یہ خودنوشت اپنے اسلوب، موضوع اور مواد کے لحاظ سے ایک منفرد تجربہ ہے۔ جوش کی شاعری میں حق گوئی اور بے باکی اپنی پوری تابانی کے ساتھ موجود ہے:

لایا ہوں بزم و رزم کی ارض تضاد سے
قدم انساں کا راہِ دہر میں پتھرا ہی جاتا ہے
ہوائیں زور کتنا ہی لگائیں آندھیاں بن کر
مگر جو گھر کے آتا ہے بادل چھا ہی جاتا ہے
یہ طبلِ جنگ و ساز شبستان ترے لئے
چلے کتنا ہی بچ کے ٹھوکر کھا ہی جاتا ہے

## ۹۔عبدالحئی ساحر لدھیانوی۔۔

( پیدائش ۸ مارچ ۱۹۲۱ء وفات ۲۵ اکتوبر ۱۹۸۰ء) ساحر لدھیانوی نے اپنی شاعری میں معاشرے کے مفلوک الحال، پس ماندہ اور استحصال کے پاٹوں میں پسنے والی، بے بس و لاچار انسانیت کے مصائب کو موضوع بنایا ہے۔

آج سے اے مزدور کسانو! میرے راگ تمہارے ہیں
فاقہ کش انسانو! میرے جوگ تمہارے ہیں
جب تک تم بھوکے ننگے ہو یہ شعلے خاموش نہ ہونگے

جب تک بے آرام ہو تم یہ نغمے راحت کوش نہ ہوں گے

**۱۰۔احمد ندیم قاسمی:** (پیدائش ۲۰ نومبر ۱۹۱۶ء وفات ۱۰ جولائی ۲۰۰۶ء)

ترقی پسند تحریک کی خاطر قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر کے احمد ندیم قاسمی نے اپنے نظریاتی ادیب ہونے کا ثبوت دیا۔ وہ انجمن ترقی پسند مصنفین کے سیکرٹری کے منصب پر فائز رہے اور انہیں ۱۹۵۰ء میں اور ۱۹۷۰ء میں پابندِ سلاسل کیا گیا۔ حکومت پاکستان نے انہیں ۱۹۶۸ء پرائڈ آف پرفارمنس عطا کیا۔ احمد ندیم قاسمی کی شاعری میں کٹھن حالات میں حوصلے اور امید کا دامن تھام کر سُوئے منزل رواں دواں رہنے کا عزم ملتا ہے استحصال اور طبقاتی منافرت کے خلاف ان کا لہجہ خلوص اور دردمندی کا مظہر ہے۔

جب بھوک سے پھٹ جاتا ہے مفلس کا کلیجہ
کہتا ہے ”خدا نے مجھے کیوں دہر میں بھیجا
بھولا سا یہ بچہ، یہ بہشتوں کا کھلونا
کیوں اس کے مقدر میں ہے دن رات کا رونا
یا بھوک مٹانے کا سجھا کوئی طریقہ
یا چین سے مرنے کا بتا کوئی سلیقہ
سنتا ہوں افلاس کی پُر درد کراہیں
احساس کی قندیل سے جلتی ہیں نگاہیں

ترقی پسند تحریک سے وابستہ شعرا جب پھولوں سے لہو ٹپکتے دیکھتے ہیں تو شدتِ کرب سے اُن کی آنکھیں جل اُٹھتی ہیں۔ خاک چاٹ کر بھی نشہ، ہنر میں رہنے والے ان تخلیق کاروں نے ستائش اور صلے کی تمنا سے بے نیاز رہتے ہوئے پرورشِ لوح و قلم کا ساتھ دیا۔ ترقی پسند تحریک کو پروان چڑھانے کے سلسلے میں انتھک جدوجہد کی۔ انہوں نے پنجاب کی دیہاتی زندگی کے مسائل کو اپنے افسانوں کا موضوع بنایا۔ ان کے افسانوں میں دیہی معاشرت اور سماج میں پائی جانے والی ناانصافی کے بارے میں درد مندی، خلوص اور کرب نمایاں ہے۔ انسانیت کا وقار اور سربلندی انہیں دل و جان سے عزیز ہے۔ ان کے مشہور افسانوں میں چوپال، سناٹا، کپاس کا پھول، آبلے، طلوع و غروب، سیلاب و گرداب، آنچل، گھر سے گھر تک، نیلا پتھر، بزم حیات اور آس پاس شامل ہیں۔ ان کی ادارت میں شائع ہونے والے رجحان ساز ادبی مجلّے ”فنون“ نے ترقی پسند ادب کے فروغ میں اہم کردار کیا۔ ان کی عظیم شخصیت ان کے اسلوب میں صاف دکھائی دیتی ہے۔ ان کے اسلوب میں ندرت، تنوع، جدت، اور تازگی کے عناصر قاری کو مسحور کر دیتے ہیں۔ اقتضائے وقت کے مطابق انہوں نے جبر کا ہر انداز مسترد کرتے ہوئے حق و صداقت کا علم بلند رکھا۔ لفظ کی حُرمت کو انہوں نے ہمیشہ ملحوظ رکھا۔ قلم کا احترام ہمیشہ اُن کا نصب العین رہا۔ انہوں نے تمام عمر ظلم اور ناانصافی کے خلاف جدوجہد کی۔ ان کے اسلوب سے واضح ہوتا ہے کہ ہر زیرک تخلیق کار کو ظلم پہ لعنت بھیجنا اور مظلوم کی حمایت کرنا اپنا شعار بنانا چاہیئے۔ انسانیت، وطن اور اہلِ وطن کے ساتھ گہری قلبی وابستگی اور والہانہ محبت ان کے ترقی پسند شعور کا اہم ترین پہلو ہے

**۱۱۔قرۃ العین حیدر:** (پیدائش ۲۰ جنوری ۱۹۲۸ء وفات ۲۱ اگست ۲۰۰۷ء)

قرۃ العین حیدر کی افسانہ نگاری کا اہم پہلو اُن کی فنی مہارت، تخلیقی ریاضت اور انسان دوستی ہے۔ ۱۹۴۷ء میں ہجرت کے موقع پر ٹوٹ جانے والے صدیوں کے رشتے اور ہمسایوں سے دائمی جدائی کا کرب اُن کے افسانوں میں نمایاں ہے۔ قرۃ العین حیدر کو جذبات نگاری میں کمال حاصل ہے۔ ترقی پسند افسانہ نگاروں میں تانیثیت کے حوالے سے قرۃ العین حیدر کا نام ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان کا ناول آگ کا دریا ہجرت کے موضوع پر بہت اہم ہے۔ ترکِ سکونت اور نقلِ وطن کے مسائل کو ہجرت تسلیم کرنے میں انہیں تامّل ہے۔

**۱۲۔خدیجہ مستور۔** (پیدائش ۱۱ دسمبر ۱۹۲۷ء وفات ۲۵ جولائی ۱۹۸۲ء)

خدیجہ مستور نے ترقی پسند تحریک سے گہرے اثرات قبول کئے۔ ان کے دو ناول ہیں ۔آنگن، زمین، جو اُن کے ترقی پسند شعور کے آئینہ دار ہیں۔ ان کے افسانوی مجموعوں میں بوچھاڑ، کھیل اور چند روز اور شامل ہیں۔

**۱۳۔ہاجرہ مسرور۔** (پیدائش ۱۷ جنوری ۱۹۳۰ء وفات ۲۵ ستمبر ۱۹۱۲ء) ہاجرہ مسرور نے ترقی پسند افسانے کو معیار اور وقار کی رفعت سے آشنا کیا ان کے افسانوی مجموعے چاند کے دوسری طرف، تیسری منزل، اندھیرے اُجالے، چوری چھپے، اور ہائے اللہ قارئینِ ادب میں بہت مقبول ہوئے۔ ان کے افسانوں کی کلیات ”اب افسانے میرے“ شائع ہو چکی ہے۔ ہاجرہ مسرور کی علمی، ادبی، اور قومی خدمات پر حکومت پاکستان کی طرف سے ۱۹۹۵ء میں انہیں حسنِ کارکردگی کا صدارتی ایوارڈ ملا۔ (ماخوذ)

**معلومات۔۔**

۱۔جسم کے لحاظ سے سب سے بڑا سر چیونٹی کا ہوتا ہے

۲۔غصہ کرتے وقت انسان کے ۴۳ عضلات استعمال ہوتے ہیں جبکہ مسکرانے میں صرف ۱۷ عضلات کام آتے ہیں۔ ۳۔ہمارے جسم میں ۲۰۶ ہڈیاں ہیں۔ ۴۔ہماری ناک تمام عمر بڑھتی رہتی ہے۔ ۵۔ران کی ہڈی ہمارے جسم کی سب سے بھاری ہڈی ہوتی ہے۔ ۶۔ایک تندرست آدمی میں ریڑھ کی ہڈی کا سلسلہ تقریباً دو فٹ تک لمبا ہوتا ہے۔ ۷۔پسلی کی ہڈی کی شکل انگریزی حرف S کی طرح ہوتی ہے۔ ۸۔تپ دق (T.B) کے جراثیم دودھ میں پائے جاتے ہیں۔ ۹۔آنکھ انسانی جسم کا سب سے نازک اور مکمل عضو ہے۔ ۱۰۔انسانی چہرے میں ۱۴ ہڈیاں ہوتی ہیں۔